ABC Certified

مظلوم کی آواز —— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک

DAILY "DAK" GUJRAT

www.dailydak.pk

روزنامہ ڈاک گجرات

چیف ایڈیٹر یونس ساقی

اتوار 2 جمادی الاول 1444ھ 27 نومبر 2022، 13 مگھر 2079 ب (SR-53)

جلد نمبر 27 شمارہ نمبر 93 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

علاقائی اخبارات کا بڑا اہم رول، 25 فیصد کوٹہ، کلر اشتہارات بھی ملیں گے

چوہدری پرویز الٰہی

الحمدللہ ہماری سوچ مثبت 4 ماہ میں سال سے زیادہ کام کر دکھایا

ہر فیصلہ اللہ تعالیٰ کی رضا کو مدنظر رکھ کر کرتے ہیں، حکومت قائم دائم، مدت پوری کریں گے

چوہدری پرویز الٰہی میڈیا فرینڈلی وزیر اعلیٰ، سرمد علی، اخبارات کو ادائیگی شروع ہو گئی ہے، خوشنود علی خان

وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی، یاسمین قریشی کو سوئیٹر دے رہے ہیں، میاں عمران مسعود، ندیم بٹ ہمراہ ہیں

لاہور (نمائندہ ڈاک) وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے یہاں وزیر اعلیٰ آفس میں آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کے وفد نے ملاقات کی۔ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 2)

چوہدری وجاہت حسین کے اعزاز میں آج ڈیرہ مولوی اکبر صاحب ظہرانہ

چوہدری اقبال چیچی، رضی الرحمٰن چیچی اسود زمان چیچی میزبانی کریں گے

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) پاکستان مسلم لیگ ق (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 1)

استعفوں کا اعلان عمران خان کا ایک اور غلط فیصلہ جلد یوٹرن لے لیں گے قمر کائرہ

عمران خان آج بھی حساس اداروں کو مورد الزام ٹھہرا رہے ہیں، مگر وہ اس میں کامیاب نہ ہوں گے

لالہ موسیٰ (جمیل احمد چوہدری) وزیر اعظم کے مشیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما چوہدری قمر زمان کائرہ نے لالہ موسیٰ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 3)

وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی یاسمین قریشی کی ملاقات

لاہور (نمائندہ ڈاک) وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے ہاؤس آف کامنز برطانیہ میں پاکستان کے بارے میں آل پارٹی پارلیمانی گروپ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 5)

چوہدری حسین الٰہی، چوہدری سعادت نواز اجتماعی حلقہ کے دورہ کے موقع پر، وقاص وڑائچ، ملک بابر ہمراہ ہیں

چوہدری حسین الٰہی سے چوہدری ظفر شان عبدالجبار بالی کی ملاقات

یونین کونسل حاجی والہ کے ترقیاتی کاموں کی نشاندہی، چوہدری حسین الٰہی کی طرف سے فنڈز فراہمی کی یقین دہانی

گجرات (آصف علی بھٹی سے) ایم این اے چوہدری حسین الٰہی سے نت ہاؤس میں حاجیوالہ کے نمائندین کی ملاقاتیں، حاجیوالہ کونسل کے ترقیاتی کاموں، مسائل بارے خصوصی تبادلہ خیال کیا گیا چوہدری حسین الٰہی کیساتھ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 4)

عمران خان نے جس وقت کہا پنجاب اسمبلی توڑ دی جائیگی

27 جولائی کو چوہدری پرویز الٰہی وزیر اعلیٰ بنے اس دن سے ہم بونس پر چل رہے ہیں، چوہدری مونس الٰہی

تحریک انصاف کے ساتھ اپنے وعدے پر قائم، چوہدری پرویز الٰہی عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے، خواجہ آصف اپنی فکر منائیں، ٹویٹ

لاہور (نمائندہ ڈاک) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 6)

لاہور (نمائندہ ڈاک) پاکستان مسلم لیگ ق کے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 7)

چوہدری سلیم سرور جوڑا کی زیر قیادت ضلعی سیکرٹریٹ سے قافلہ کی راولپنڈی کے لئے روانگی

چوہدری سلیم سرور جوڑا کی قیادت میں سینکڑوں گاڑیوں کا قافلہ راولپنڈی مارچ میں شریک

ضلع بھر سے قافلے ضلعی سیکرٹریٹ جمع ہوئے، خواتین بھی شامل، کارکنوں نے جھنڈے، بینرز اٹھا رکھے تھے

قوم عمران خان کے ساتھ، امپورٹڈ حکمرانوں کو جانا ہوگا، راولپنڈی جلسہ واضح اعلان ہے

گجرات (جمل منیر سے) حقیقی آزادی لانگ مارچ کے سلسلہ میں گجرات سے ضلعی صدر پی ٹی آئی چوہدری سلیم سرور جوڑا کی قیادت میں بڑا قافلہ راولپنڈی آزادی مارچ شرکت کے لیے روانہ ہوا، قافلہ میں سینکڑوں گاڑیاں ہائی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 8)

Mukabbir COLLEGE GUJRAT

ADMISSIONS OPEN Fall 2022

DPT

4th Intake

DOCTOR OF PHYSICAL THERAPY

5 YEARS DEGREE PROGRAM

Eligibility: F.Sc (Pre-Medical) with at least 60% Marks

- DPT Department with Well Equipped Laboratories
- Gym with Latest Equipments

Visit Campus
Main Bhimber Road, Gujrat
0300-0347134 0300-0348834

پلاسکو کا استعمال پائیدار۔ بے مثال

110mm تا 20mm کمپلیٹ رینج

پی پی آر سی پائپ اینڈ فٹنگز

PLASCO PIPES

پلاسکو پی وی سی انڈسٹری کا اعزاز

MADE IN PAKISTAN

ملک کی سب سے بڑی فیکٹری سے پائپ سازی پروڈکشن کا آغاز

★ پلاسکو HDPE پائپ اینڈ فٹنگ (سائز 1600mm تا 20mm)
★ پلاسکو پریشر پائپ اینڈ فٹنگ (سائز "1 تا "18)
★ پلاسکو کنڈیوٹ پائپ اینڈ فٹنگ (سائز "1 تا "4)
★ پلاسکو سیوریج پائپ اینڈ فٹنگ (سائز 160mm تا 32mm)
★ پلاسکو پی پی آر سی پائپ اینڈ فٹنگ (سائز 110mm تا 20mm)
★ پلاسکو MDPE پائپ اینڈ فٹنگ (سائز "0.5 تا "6)

HDPE پائپ 1600mm to 20mm سائز تک پروڈکشن کی صلاحیت

APPROVED BY:

پلاسکو پائپ انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

جی ٹی روڈ بائی پاس گجرات

Tel: 92-533-589620-21, Fax: 92-533-589585

رقبہ درکار ہے

پنجاب کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ کمپنی گوجرانوالہ ڈویژن

کے زیر انتظام گوجرانوالہ ڈویژن کے مختلف اضلاع میں عوام الناس کی فلاح کیلئے مویشی منڈیوں کا انعقاد اور انتظامی معاملات کو بہتر کرنے کے سلسلے میں جولائی 2014ء سے کام کر رہا ہے اسی سلسلے میں محکمہ ہذا کو ضلع گجرات میں (جی ٹی روڈ، منڈی بہاؤالدین روڈ، منگووال روڈ، جلالپور روڈ، سرائے عالمگیر، کھاریاں تک) مویشی منڈی کیلئے تقریباً 40 ایکڑ (کشادہ راستہ، آب نکاسی کا بندوبست ضرور ہو) رقبہ عرصہ 10 سال کے لیے کرایہ داری یا ملکیتی بنیاد پر درکار ہے۔

خواہش مند حضرات، پارٹیاں اشتہار کے شائع ہونے کے 15 دن تک اپنی زمین کے کاغذات (فرد ملکیت، رقبہ مختار نامہ) ہمراہ شناختی کارڈ کی کاپی دیئے گئے پتہ پر ارسال کریں یا خود تشریف لائیں

المشتہر

پنجاب کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ کمپنی گوجرانوالہ ڈویژن

کمرہ نمبر 72، سیکنڈ فلور کمشنر آفس کمپلیکس گوجرانوالہ

رابطہ نمبر 055-9201320

مینجر پرکیورمنٹ: 0345-8563134

چوہدری حسین الٰہی کی سیاست میں آمد سے کامیابیوں کے سفر میں شانہ بشانہ

آصف علی بھٹی

میڈیا ایڈوائزر اوورسیز پاکستانیز کمیشن ضلع گجرات

بیرون ممالک مقیم پاکستانیوں کے مسائل بطریق احسن اجاگر کرینگے

انشاء اللہ ہمارے مخلص ساتھی قائدین کی توقعات پر پورا اتریں گے

نیک خواہشات کے ساتھ

چوہدری شمشاد بلہڑ

چوہدری موسیٰ الٰہی کے جانثار ساتھی

راہنما پاکستان مسلم لیگ

ڈنگہ (این اے 71) گجرات

چوہدری محمد فاضل چیچی، چوہدری عاصم شہزاد چیچی کی طرف سے چوہدری عبدالرحمان چیچی، چوہدری رضی الرحمان چیچی کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ میں ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ، پیر شمیم شاہ بخاری، چوہدری اقبال اکبر چیچی، چوہدری شان ظفر حاجیوالہ، چوہدری کامران مظہر، چوہدری اسوز مان چیچی سمیت دیگر سیاسی وسماجی، کاروباری شخصیات شریک ہیں

چوہدری عبدالرحمان چیچی، ڈاکٹر نواز شاہ اجنالہ، رضی الرحمان چیچی کے اعزاز میں محمد فاضل چیچی، عاصم چیچی کا ظہرانہ

پیر شمیم شاہ بخاری، چوہدری شان ظفر حاجیوالہ، تحصیلدار چوہدری مظہر اقبال، سجاد گورسی، میاں ریاست، حافظ غلام بہاؤالحق، چوہدری طاہر وقار

ڈاکٹر افضل ذکی، ملک نواز، چوہدری جاوید، چوہدری شوکت چیمہ، لالہ محمد انور چیچی، چوہدری معظم پیارا، چوہدری آصف پیارا سمیت دیگر بھی شریک ہوئے

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) چوہدری عبدالرحمان چیچی، ڈاکٹر شاہ نواز اجنالہ، رضی الرحمان چیچی کے اعزاز میں محمد فاضل چیچی، عاصم چیچی کا ظہرانہ دیا۔ جس میں ممتاز سیاسی وسماجی شخصیات کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔ معزز مہمانوں کا استقبال چوہدری عاصم شہزاد چیچی، چوہدری محمد فاضل چیچی نے کیا۔ مہمانوں کو ہار پہنائے گئے اور گل پاشی کی گئی۔ تقریب میں شرکت کرنے والوں میں پیر شمیم شاہ بخاری، چوہدری شان ظفر حاجیوالہ، تحصیلدار چوہدری مظہر اقبال، سجاد گورسی، میاں ریاست، حافظ غلام بہاؤالحق، چوہدری طاہر وقار، ڈاکٹر افضل ذکی، ملک نواز، چوہدری جاوید، چوہدری شوکت چیمہ، لالہ محمد انور چیچی، چوہدری معظم پیارا، چوہدری آصف پیارا سمیت دیگر شامل ہیں۔



چوہدری ملک اختر عباس

بھاگووال کلاں کیلئے ترقیاتی فنڈز کا اجراء، چوہدری حسین الٰہی کے مشکور ہیں

بھاگووال کلاں کو ماڈل یونین کونسل بنانے، ریکارڈ ترقیاتی کام کروانے پر چوہدری حسین الٰہی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

جنازگاہ روڈ، محلہ شہانی کوٹلی روڈ کی تعمیر مکمل ہو چکی، چوہدری حسین الٰہی تعمیر وترقی کی عمدہ مثالیں قائم کر رہے ہیں

گجرات (اسجد نواز وڑائچ سے) پاکستان مسلم لیگ ق کے سینئر رہنما چوہدری اختر عباس آف بھاگووال کلاں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ چوہدری حسین الٰہی اس وقت عوامی مقبولیت کی بلندیوں پر ہیں۔ حلقہ این اے 68 میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا کر اپنے سیاسی مخالفین سے سبقت لے گئے ہیں۔ انہوں نے بھاگووال کلاں کے لئے ترقیاتی فنڈز کا اجراء ممکن بنا کر عظیم کام کیا ہے۔ جنازگاہ اور محلہ شہانی کوٹلی روڈ کی تعمیر کے لئے خطیر رقم کی گرانٹ چوہدری حسین الٰہی نے جاری (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 2)

پیر صاحبزادہ حافظ محمد احسن حفیظ کدھر شریف کا گجرات دورہ کے موقع پر صدر ڈیرہ حضرت میاں صاحب ٹرسٹ کدھر شریف چوہدری محمد بابر وڑائچ، چوہدری عامر شہزاد، عزت اقبال، فیاض احمد، احسان اللہ، عمران ضیاء، چوہدری یاسر مبارک ایڈووکیٹ ودیگر گلدستے پیش کر کے، پھولوں وطلائی ہار پہنا کر استقبال کر رہے ہیں

مرزا عمران بیگ

چوہدری ظہور الٰہی پیکیس عوامی تابعداری اور خدمت کا گڑھ ہے

این اے 68 کے تمام دیہات میں کھمبوں کی تنصیب کے حوالے سے جاری تمام پراجیکٹس مکمل کر لئے گئے ہیں

گجرات (اسجد نواز وڑائچ سے) ایم این اے چوہدری حسین الٰہی کے سیکرٹری مرزا عمران بیگ نے کہا ہے کہ این اے 68 میں بجلی کے نئے تار اور کھمبوں کی تنصیب کے حوالے سے جاری تمام پراجیکٹس تقریباً مکمل کر لئے گئے ہیں۔ چوہدری حسین الٰہی کی ہدایات کے مطابق دیہات کی سطح پر درپیش بجلی مسائل پر قابو پا لیا گیا ہے۔ عوامی ترقی و خوشحالی کا سفر کامیابی سے جاری ہے۔ انکا نمائندہ ڈاک سے گفتگو کے دوران کہتا ہے کہ چوہدری حسین الٰہی کا حلقہ کے تمام دیہات میں انفرادی سطح (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 1)

پیر صاحبزادہ حافظ محمد احسن حفیظ کدھر شریف کی گجرات آمد، شایان شان استقبال محفل میلاد کی صدا

چوہدری بابر وڑائچ، چوہدری عامر شہزاد، عزت اقبال، احسان اللہ، یاسر مبارک ایڈووکیٹ نے گلدستے پیش کئے، ریکارڈ گل پاشی کی گئی

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) پیر صاحبزادہ حافظ محمد احسن حفیظ کدھر شریف کی گجرات آمد، شایان شان استقبال، محفل میلاد کی صدارت کی۔ فیضان حبیب رفاعی میڈیکل وآئی سنٹر جلالپور جٹاں روڈ گجرات پہنچنے پر پیر محمد احسن حفیظ کدھر شریف کا شایان شان استقبال کیا گیا۔ چوہدری بابر وڑائچ، چوہدری عامر شہزاد، عزت اقبال، احسان اللہ، چوہدری یاسر مبارک ایڈووکیٹ نے گلدستے پیش کئے، ریکارڈ گل پاشی کی گئی۔ فضا اسلامی نعروں ودرود وسلام سے معطر ہو گئی۔ پیر حافظ محمد احسن حفیظ سے مریدین کی بڑی تعداد نے مصافحہ کیا اور دست بوسی کی۔ بعد ازاں پیر صاحبزادہ حافظ محمد احسن حفیظ نے محفل میلاد کی صدارت کی اور ملک وقوم کی سلامتی کے لئے خصوصی دعائیں کی گئی۔

چوہدری مدثر رضا نچھیانہ کو سید مدثل شاہ آف کیوال سیداں بیٹوں کی پیدائش پر مبارک باد دے رہے ہیں

قاری محمد انصر قادری، محمد شبیر، چوہدری علی حیدر کی دعوت ولیمہ میں شریک ہیں

چوہدری مدثر رضا نچھیانہ کو چوہدری زبیر احمد ناڑو، عامر صدیق وریا، محمد احسان عالم بھٹی بیٹوں کی پیدائش پر مبارک باد دے رہے ہیں

روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر محمد یونس ساقی
کفر ہے ظلم کا سہنا مہر بہ لب رہنا..... حکم خدا کا لکھا ہے سپاہوں پر
ایڈیٹر کا مضمون نگاروں، کالم نویسوں اور مراسلہ نگاروں کی آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں
ایڈیٹوریل
چیف ایڈیٹر، پبلشر، ایڈیٹر، پبلشر یونس ساقی
WWW.dailydak.pk

پیام محبت (حکمتِ انقلاب کا نبوی منہج)

سمیع اللہ

پوری دنیا میں جو خوشبوئے کرم پھیلی میرے مرشد کا یہ فیضان سلامت رکھنا

24 اکتوبر 2022ء بروز سوموار رات 9 بجے سے 11 بجے تک آستانہ عالیہ بوکن شریف میں Ary qtv پر "پیام محبت" کے نام سے live پروگرام کی تیسری نشست نشر ہوئی جسے پوری دنیا میں نہ صرف دیکھا گیا بلکہ بیحد پسند بھی کیا گیا۔ انشاءاللہ یہ "پیام محبت" پروگرام ہر سوموار کو رات 9 بجے سے لیکر 11 بجے تک Ary qtv چینل پر باقاعدہ طور پر آستانہ عالیہ بوکن شریف کے پلیٹ فارم سے نشر ہوا کرے گا۔ جس میں خوبصورت اصلاحی خطابات، تفسیر قرآن اور حدیث مبارکہ بیان ہوا کریں گی۔ اس خوبصورت اصلاحی پروگرام کو دیکھنا مت بھولیئے گا۔

اس خوبصورت پیام محبت پروگرام کی صدارت سفیر ضیاء الامت قبلہ پیر سید زاہد صدیق شاہ صاحب مدظلہ العالی نے فرمائی۔ مہمانِ خصوصی کی سعادت جناب پیر سید لختِ حسنین شاہ صاحب چیئرمین انٹرنیشنل مسلم ہینڈز کو حاصل ہوئی۔ نقابت کے فرائض پیرزادہ فہیم شہزاد بخاری صاحب آستانہ عالیہ بوکن شریف نے بڑے خوبصورت انداز میں سرانجام دیئے۔ خصوصی خطابات جگر گوشہ حضور سفیر ضیاء الامت ڈاکٹر پیر سید حامد فاروق شاہ بخاری، صاحبزادہ پیر سید عتیق الرحمٰن شاہ بخاری اور صاحبزادہ سید ہارون الرشید شاہ بخاری نے فرمائے۔

پروگرام کا عنوان "حکمتِ انقلاب کا نبوی منہج" جسکا باقاعدہ آغاز ٹھیک رات 9 بجے قرآن مجید فرقان حمید کی آیاتِ بینات سے ہوا جس کی سعادت محترم قاری ثاقب اخلاق صاحب مدرس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ سعید آباد بوکن شریف نے حاصل کی اور اپنی خوبصورت آواز سے پوری دنیا کے سامعین کے قلوب واذہان کو منور کیا۔

خدا کا ذکر کرے اور ذکرِ مصطفیٰ نہ کرے
ہمارے منہ میں ہو ایسی زبان خدا نہ کرے

ابتداء میں پیرزادہ فہیم شہزاد بخاری صاحب نے نقابت کرتے ہوئے بڑے خوبصورت انداز اور خوبصورت اشعار کی روشنی میں عزیزم محمد ابوبکر زاہدی کو بارگاہ خیرالانام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عقیدت ومحبت کے پھول نچھاور فرمانے کے لیے دعوت پیش کی تو عزیزم نے ایسے خوبصورت انداز میں حضور سرور کائنات ﷺ کی بارگاہ اقدس میں ہدیہ نعت پیش کیا کہ نہ صرف پاس بیٹھے سامعین جھوم اٹھے بلکہ پوری دنیا سے سماعت کرنے والے بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ خوبصورت نعت شریف کے بعد نقیب محفل نے بڑے خوبصورت انداز میں صاحبزادہ سید ہارون الرشید شاہ بخاری صاحب کو دعوت سخن دی تو آپ نے مائیک پر جلوہ افروز ہو کر "سورہ النساء" کی پہلی آیت مبارکہ کو اپنا موضوع سخن بنایا اور تاجدار انبیاء ﷺ کی ذات اقدس پر درود وسلام کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے ان الفاظ میں اپنی گفتگو کا آغاز کیا۔ اللہ رب ذوالجلال نے ارشاد فرمایا کہ تمہیں ایک نفس سے پیدا کیا اور پھر جوڑوں میں منتقل کیا اور پھر جوڑوں سے بے شمار مرد وعورت کو تشکیل دے دیا۔ اس چیز میں تم غرور میں نہ رہا کرو، تمہیں برابری کا درس دے دیا ہے۔ یہاں ایک مثال دیتے ہوئے فرمایا! رب نے انسان کو بھی پیدا فرمایا اور جانور کو بھی، جانور جو ہے وہ رزق کی طرف اپنی گردن کو جھکاتا ہے، زمین سے رزق کو اٹھاتا ہے لیکن جب انسان کی باری آئی تو فرمایا کہ انسان رزق کی طرف اپنی گردن کو نہیں جھکائے گا بلکہ رزق کو توڑے گا اور برابری کی سطح پر رزق کو کھائے گا، تو جو رب یہ نہیں برداشت کر سکتا کہ ایک بندہ رزق کے سامنے جھکے تو وہ یہ کیسے برداشت کرے گا کہ بندہ دوسرے بندے کے سامنے جھکے۔

اور پیارے آقا ﷺ کے بارے میں ارشاد ہے کہ میرے رب کریم نے آقا ﷺ کو بینہ معجزہ عطا فرمایا۔ جس سے مراد ایسا معجزہ جس میں دعویٰ ودلیل ایک جیسے ہوں۔ اگر آپ نے دعویٰ کیا ہے کہ قرآن میں مساوات کا درس ہے تو دلیل بھی پھر یہی ہے۔ آپ کی 63 سالہ زندگی میں کبھی ایسا نہیں ہوا کے کسی کو ڈانٹا ہو، اگر بلال حبشی رضی اللہ عنہ آئے تو فرمایا! بلال تم مجھ سے پہلے جنت میں داخل ہو گے۔ اور بلالؓ نے فرمایا کہ جنت کا تحفہ صرف مصطفیٰ ﷺ کی مساوات کی وجہ سے عطا کیا گیا۔

اس پر اپنی بات کو مکمل فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے "جناب موسیٰ علیہ السلام کے دور کا ایک بہت مغرور انسان قارون تھا، جو اتنا مالدار تھا کہ جب اونٹ اس کے خزانے کی کنجیاں اٹھاتے تو انکی کمر ٹیڑھی ہو جاتی۔ ایک دن بہت غرور وتکبر کے ساتھ گھر سے باہر نکلتا ہے، وہاں سے میرے رب کا حکم آتا ہے اور یہاں قارون کو قیامت تک کیلئے زمین میں دھنسا دیا جاتا ہے۔ یہ اسکی زندگی کا آخری وقت تھا لیکن ہمیں یہ پیغام دیا گیا کہ کبھی کسی کو خود سے نیچا نہیں سمجھنا، غرور وتکبر نہیں کرنا۔ مساوات پر زندگی گزارنی ہے۔

اس کے بعد اگلے مقرر صاحبزادہ پیر سید عتیق الرحمٰن شاہ بخاری صاحب سٹیج کی زینت بنے تو آپ نے بڑے والہانہ انداز میں قرآن مجید کی روشنی میں پیام محبت کو آگے بڑھاتے ہوئے انتخبہ بصورت انداز میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام ومرتبہ بیان فرمایا کہ پنڈال کا پرنور منظر نعروں سے گونج اٹھا۔

آپ نے فرمایا! حضور سرور کائنات ﷺ کی پیغمبرانہ زندگی کو دو حصوں میں بڑی آسانی سے تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ تقریباً 13 سال مکی زندگی اور تقریباً دس سال مدنی زندگی ہے۔ مکی زندگی کو بھی اگر تقسیم کرنا چاہیں تو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ جس میں پہلے تین سال تک خفیہ دعوت وتبلیغ فرمائی اور نبوت کے چوتھے سال سے دسویں سال تک مکہ مکرمہ میں اعلانیہ دعوت رہی۔ اس کے بعد تقریباً تین سال بیرونِ مکہ دعوتِ اسلام دی۔

اب اگر اس کو کسی ماہر نفسیات سے پوچھا جائے تو پتہ چلے گا کہ یہی طریقہ ہے کسی کی فطرت بدلنے کا اور یہ فطرت بدلنا کوئی آسان کام نہیں۔ یہ اس وقت تک ناممکن ہے جب تک جملوں میں سوز وگداز زہرہ بتول کے بابا عطا نہ فرمائیں۔ آپ نے پہلے تین سال اپنے اخلاق وکردار کو مکمل پیمانہ بنانے کے بعد اپنے قریبی لوگوں کو اس کا پیغام دیا۔ یہ پیغام صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تک پہنچا، پھر یہی پیغام علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، عثمان غنی رضی اللہ عنہ تک پہنچا۔ یہ وہ انداز تھا کہ ایک حکمت کے ساتھ اس چیز کو مضبوط کیا جا رہے اور پھر ایک وقت آیا کہ 39 کلمہ پڑھ چکے تو دل میں ایک خیال آیا، دعا فرمائی تو اگلے دن عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ نے بھی کلمہ پڑھ لیا۔

اسکے بعد دوسرا مرحلہ شروع ہوا، سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی زیر قیادت ایک ایک لائن کی سپہ سالاری کرتے ہوئے حرم شریف میں آئے اور اعلانیہ تبلیغ شروع ہوئی جس کے بعد پھر وہی بائیکاٹ، وہی سازشیں اور نام بدلنے کی ناکام کوششیں۔ لیکن انہیں کون بتائے کہ تمہاری کوئی کوشش کامیاب نہ ہوگی۔

ابھی مٹی نہ کھٹکی تھی، ابھی پانی نہ برسا تھا
مگر بزم عناصر میں تیرے ہونے کا چرچا تھا

پھر وہ وقت آیا کہ آپ نے بیرونِ مکہ دعوت دی اور طائف سے واپسی پر آپ کی وہ دعا جسے تاریخ میں سنہری آنسوؤں کے ساتھ رقم کیا گیا، فرمایا! "اے میرے مالک اگر تو مجھ سے راضی ہے تو مجھے کسی زخم کی کوئی پرواہ نہیں"

اس کے بعد آپکی مدنی زندگی کہ جس میں بھی دو حصہ ہیں۔ غزوات کرتے کرتے جب مکہ فتح ہوا اور حکومت



کرتے جب خطبہ حجۃ الوداع ارشاد فرمایا۔ اس طرح آپ نے حضور سرور کائنات ﷺ کے پیغام کا تذکرہ خفیہ تبلیغ سے شروع کیا اور خطبہ حجۃ الوداع پر مکمل فرمایا۔

مہمانِ خصوصی جناب پیر سید لختِ حسنین شاہ صاحب نے کاروانِ اسلام کے اس کامیاب پروگرام کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے سراہا۔

خصوصی خطاب کیلئے جب ڈاکٹر پیر سید حامد فاروق شاہ بخاری صاحب کو دعوت پیش کی گئی تو فضاء بلند نعروں کی آواز سے گونج اٹھی۔ آپ نے حکمتِ انقلاب کے عنوان کو آگے بڑھاتے ہوئے اپنی کمال گفتگو کا آغاز کیا اور فرمایا!

حضور سرور کائنات ﷺ نے انسانی زندگی میں وہ انقلاب بپا کیا کہ جس کی گواہی دشمن بھی دیتا ہے۔ ایک ہندو کمیونسٹ تھا ایم۔ این رائے جس نے 1920ء میں لاہور میں بیان دیا جس کا عنوان تھا "The Historical Role of Islam" جس کے آخر پر اس نے ایک ہی جملہ کہا "کہ اگر دنیا میں کوئی انقلاب بپا ہوا ہے تو وہ مسلمانوں کے نبی محمد رسول اللہ ﷺ نے کیا ہے"

بعد ازاں 1980ء میں ایک یورپی عیسائی مصنف کی کتاب "The Hundred" منظر عام پر آئی جس میں بیان کرتا ہے کو جو انسان صحیح معنوں میں انقلاب بپا کر سکا ہے وہ مسلمانوں کے نبی محمد ﷺ ہیں۔ یہ صرف انقلاب محمدی ہے کہ جس نے سب کچھ ہی بدل دیا۔ چاہے وہ مذہب ہے، سوچ ہے، معیشت ہے یا معاشرت ہے غرض کہ سب کچھ ہی تبدیل ہو گیا۔

انقلاب جو کہ چند مرحلوں پر مشتمل ہوتا

ہے جن کے بغیر انقلاب ممکن ہی نہیں ان مراحل کو بیان کرتے ہوئے آپ نے اپنی بات کو مکمل کیا کہ نظریہ پہلا مرحلہ، پھر تنظیم، پھر تزکیہ نفس، پھر صبر اور پھر اقدام۔

نشست کے اختتام پر سفیر ضیاء الامت قبلہ پیر سید زاہد صدیق شاہ صاحب مدظلہ العالی مائیک پر تشریف لائے اور تمام امتِ مسلمہ کیلئے دعائے خیر فرمائی۔ دعا ہے کہ اللہ رب ذوالجلال ہم سب کی حاضری کو قبول فرمائے اور اس پر مکمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین یا رب العالمین۔

سدا بہار دیویں اس باغ کدی خزاں نہ آوے
ہوون فیض ہزاراں تائیں ہر (بھکا) پھل کھاوے

حضور سرور کائنات ﷺ نے انسانی زندگی میں وہ انقلاب بپا کیا کہ جس کی گواہی دشمن بھی دیتا ہے۔ ایک ہندو کمیونسٹ تھا ایم۔ این رائے جس نے 1920ء میں لاہور میں بیان دیا جس کا عنوان تھا "The Historical Role of Islam" جس کے آخر پر اس نے ایک ہی جملہ کہا "کہ اگر دنیا میں کوئی انقلاب بپا ہوا ہے تو وہ مسلمانوں کے نبی محمد رسول اللہ ﷺ نے کیا ہے"

ABC Certified
مظلوم کی آواز ——— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک
DAILY "DAK" GUJRAT
www.dailydak.pk
روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر یونس ساقی
اتوار 2 جمادی الاول 1444ھ 27 نومبر 2022ء 13 سمبر 2079ب (SR-53)
جلد نمبر 27 شمارہ نمبر 93 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

چوہدری الیاس کی قیادت میں بڑے قافلے کی راولپنڈی جلسہ میں شرکت

این اے 62 سے سینکڑوں گاڑیوں پر مشتمل قافلہ تحصیل سرائے عالمگیر، تحصیل کھاریاں کے علاقوں سے راولپنڈی پہنچا تو شاندار استقبال کیا گیا

قوم عمران خان کے شانہ بشانہ ہے، حقیقی آزادی تک جدوجہد جاری رہے گی، جمہوریت کیلئے شفاف انتخابات ضروری ہیں: چوہدری الیاس

سرائے عالمگیر (اویس مدنی) محمد الیاس چوہدری کی قیادت میں این اے 62 سے پی ٹی آئی کا بڑا قافلہ راولپنڈی پہنچا، تحصیل کے مطابق مرکزی جوائنٹ سیکرٹری تحریک انصاف محمد الیاس چوہدری کی قیادت میں حلقہ این اے 62 کا سینکڑوں گاڑیوں پر مشتمل بڑا قافلہ راولپنڈی پہنچا، قافلے میں تحصیل سرائے عالمگیر، تحصیل (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 18)

سینیٹر ایم این اے چوہدری مونس الٰہی سے راجہ رضا نصیر وندی ملاقات کر رہے ہیں

کھاریاں، محکمہ زراعت نے باہروال میں نمائشی کھیتوں میں گندم کی بوائی شروع کر دی

آٹھ یونین کونسلوں میں سے چھ میں گندم کی فصل کے 12 نمائشی پلاٹس لگائے جا چکے ہیں

کھاریاں (شہزاد احمد) محکمہ زراعت کھاریاں مرکز نے آج یہاں یونین کونسل باہر وال میں لب سڑک گندم کے دو نمائشی کھیتوں کی بوائی مکمل کر لی۔ کھاریاں مرکز کے تحت آٹھ یونین کونسلوں میں سے 6 میں گندم کی فصل کے (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 19)

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ، چوہدری شہباز ریحانیہ، چوہدری افضل چیمہ، علی وڑائچ، ٹھیکیدار عنایت افضل کا گروپ فوٹو

چوہدری محبوب ربانی ظفر، چوہدری اعجاز چیچی کے اعزاز میں حاجی نذیر حسین گھنسیہ کی طرف سے گرینڈ عشائیہ

ترقیاتی کاموں، چوہدری حسین الٰہی کی طرف سے فنڈز بارے تبادلہ خیال، ٹھیکیدار آپ لوگوں کے پاس بھیج دینگے آپ مرضی سے گاؤں میں کام کروائیں، ثمر اعجاز چیچی

اکٹھ میں یونین کونسل چیچیاں شمس کے عمائدین کی بڑی تعداد شریک تھی، دیگر مہمانوں میں چوہدری اختر علی باہووال، چوہدری ارشد نمبردار، چوہدری امجد باہووال موجود تھے

گجرات (آصف علی بھٹی سے) چوہدری محبوب ربانی ظفر، امیدوار چیئرمین پاکستان مسلم لیگ کے راہنما و سابق ناظم چوہدری ثمر اعجاز چیچی کے اعزاز میں گاؤں گھنسیہ میں گرینڈ عشائیہ، مسلم لیگی راہنما حاجی نذیر حسین نے اپنے ڈیرہ پر گرینڈ عشائیہ کا اہتمام کیا جس میں یونین کونسل چیچیاں شمس کے عمائدین نے بھرپور شرکت کی اور چوہدری حسین الٰہی کی طرف سے جاری کردہ فنڈز (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 20)

ایم این اے چوہدری حسین الٰہی سے نت ہاؤس میں چوہدری سعادت نواز اجنالہ، چوہدری شان ظفر حاجیوالہ، ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ، چوہدری عبدالجبار بالی، مہر عظیم اختر ملاقات کر رہے ہیں

لالہ موسیٰ تجاوزات کی بھرمار ٹریفک جام معمول بن گیا

سروس روڈ بالخصوص مین بازار کے سامنے پیدل چلنے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا، شہری اذیت سے دوچار

چھوٹا بازار، مین بازار، دینہ چکیاں روڈ، سروس روڈ پر ریڑھی بانوں نے راستے بند کر دیے، وزیر اعلیٰ پنجاب نوٹس لیں

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) شہر میں ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا، سروس روڈ بالخصوص مین بازار کے سامنے پیدل چلنے والوں کو مشکلات کا سامنا تجاوزات کی بدولت تجاوزات کی بھرمار تجاوزات کی وجہ سے شہر شہریوں کی (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 30)

چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن ناروے

چوہدری شبیر حسین محمد چک کا دورہ اوسلو، سنٹر ناروے شیخ طارق محمود کا پرتپاک استقبال

نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد، شیخ ساجد، شیخ ناصر، مولانا زبیر تبسم، ظفر حقیقہ، احسان گجر، ناصر جمال چٹھہ، احمد زمان کائرہ و دیگر موجود تھے

پرتکلف استقبالیہ و مٹھائی پیش کی، چوہدری شبیر حسین پاکستانی کمیونٹی کے مسائل حل کرائینگے، شیخ طارق محمود، عزت افزائی پر چوہدری شبیر کا اظہار تشکر

گجرات (مدثر اقبال سے) اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب کے ناروے میں چیئرمین چوہدری شبیر حسین محمد چک نے گزشتہ روز اوسلو نیشنل سنٹر ناروے کا دورہ کیا جہاں پہنچنے پر ممتاز کاروباری شخصیت شیخ طارق محمود نے (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 31)

چیئرمین پنجاب اوورسیز پاکستانی کمیشن ناروے چوہدری شبیر حسین کا اوسلو نیشنل سنٹر ناروے آمد پر شیخ طارق محمود، شیخ ساجد، شیخ ناصر، ظفر حقیقہ، احسان گجر و دیگر استقبال کر رہے ہیں

ملک شریف مرحوم کی صاحبزادی کا امریکہ میں انتقال

امریکہ میں سپرد خاک کر دیا گیا ملک ہاؤس اعوان شریف میں فاتحہ خوانی

اعوان شریف (محمد عاصم مغل سے) اعوان شریف کی نامور شخصیت نوابزادگان کے قریبی ساتھی ملک شریف مرحوم کی (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 29)

پرانے نوٹ تبدیل کرانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2022

دس، پچاس، ایک ہزار روپے والے پرانے نوٹ آخری تاریخ کے بعد تبدیل نہ ہونگے

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے 10050,10, اور 1000 روپے مالیت کے پرانے ڈیزائن، بڑے سائز کے بینک نوٹ منسوخ ہو چکے ہیں۔ ان منسوخ شدہ نوٹوں کو (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 28)

پانچ کروڑ کے فنڈز سے کھاریاں میں ترقیاتی کام جلد شروع ہونگے علی فرخ مجید

گلیانہ روڈ کی تعمیر، لنکس روڈ پر ٹف ٹائلز کی تنصیب کا کام بہت جلد شروع ہوگا، تمام مسائل جلد حل ہونگے

کمشنر اور ڈپٹی کمشنر سے بھی پانچ کروڑ کے فنڈز جاری کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے، اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب

کھاریاں (شہزاد احمد سے) کھاریاں سے وزیر اعلیٰ پنجاب کے سیاسی مشیر چوہدری علی فرخ مجید نے کہا ہے کہ کھاریاں شہر کے دیرینہ مسائل کو حل کرنے کے لیے پنجاب حکومت نے پانچ کروڑ روپے کے فنڈز دیے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 21)

چوہدری حسین الٰہی سے حاجی خان محمد مکیانہ، چوہدری اسلم گوری کی خصوصی ملاقات

ملاقات میں چوہدری حسین الٰہی کو گاؤں چنڈالہ، سلطان پورہ، مکیانہ کے مسائل بارے آگاہ کیا گیا

چوہدری حسین الٰہی کی ہدایت پر ترقیاتی کاموں کی نگرانی کر رہے ہیں، انکی قیادت پر فخر ہے، حاجی خان محمد مکیانہ

فتح پور (ڈاکٹر قیصر چوہدری) ضلعی نائب صدر مسلم لیگ ق حاجی خان محمد مکیانہ اور چوہدری اسلم گوری چنڈالہ کی ایم این اے چوہدری حسین الٰہی سے خصوصی ملاقات کی حاجی خان مکیانہ اور اسلم چنڈالہ نے ایم این اے چوہدری حسین الٰہی کو گاؤں چنڈالہ سلطان پورہ مکیانہ میں ہونیوالے ترقیاتی کاموں کے بارے میں آگاہ کیا اور چوہدری حسین الٰہی (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 34)

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ، چوہدری شہباز ریحانیہ، شاہد تبسم، سرا، زاہد اکرم، سجاول ملکی کا گروپ فوٹو

پاکستان کی خوشحالی کے لیے کسی بھی اقدام سے گریز نہیں کریں گے

چوہدری عاصم شمیم پہلوان

وطن عزیز لاکھوں قربانیوں کا ثمر ہے انشاء اللہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) سابق امیدوار برائے ایم پی اے چوہدری عاصم شمیم پہلوان نے کہا ہے کہ پاکستان ہماری آن ہماری پہچان اور ہماری شان ہے جب تک وطن عزیز ہے ہم ہیں اور ہمارے لیے یہ بات باعث افتخار ہے کہ وطن عزیز کے لیے کچھ کر سکیں پاکستان کی خوشحالی کے لیے کسی بھی اقدام سے گریز نہیں کریں گے، وطن عزیز لاکھوں (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 32)

چوہدری علی وڑائچ گاؤں وزیدہ میں منعقدہ اکٹھ سے خطاب کر رہے ہیں

چوہدری محمود احمد شاہین گاؤں وزیدہ میں منعقدہ بڑے اکٹھ سے خطاب کر رہے ہیں


سابق امیدوار برائے کونسلر چوہدری شاہد اقبال بہمد چک مسلم لیگ ق میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے

ممتاز مسلم لیگی راہنما ملک اصغر صراف گاؤں وزیدہ میں منعقدہ اکٹھ سے خطاب کر رہے ہیں

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ سے چوہدری عادل ہمایوں ملاقات کر رہے ہیں

چوہدری شہباز رشید ریحانیہ گاؤں وزیدہ میں منعقدہ اکٹھ سے خطاب کر رہے ہیں

چوہدری موسیٰ الٰہی کا سابق چیئرمین چوہدری افتخار منڈیر بہمد چک میں استقبال کر رہے ہیں

ایم این اے چوہدری مونس الٰہی بارسلوتا میں شہرانہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حاجی نصر اللہ کھوکھر، عثمان نصر اللہ کھوکھر کی چوہدری شہزاد گل، چوہدری افضل سماں سے ملاقات

مبارکباد پیش کی

دونوں راہنماؤں کو مشیر وزیر اعلیٰ منتخب ہونے پر گلدستہ پیش کیے اور چوہدری برادران کی ورکر نوازی قرار دیا، مدثر وڑائچ، شیخ ارسلان موجود تھے

چوہدری صاحبان نے ہمیشہ گجرات والوں کو ترجیح دی، چوہدری شہزاد گل اور چوہدری افضل سماں قائدین کے اعتماد پر پورا اتریں گے، نصر اللہ کھوکھر، عثمان نصر اللہ کھوکھر

گجرات (نبل منیر سے) سابق چیئرمین یوسی 7 حاجی نصر اللہ کھوکھر، سٹی جوائنٹ سیکرٹری مسلم لیگ ق عثمان نصر اللہ کھوکھر نے چوہدری شہزاد گل اور چوہدری افضل سماں کو مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب منتخب ہونے پر ان کی رہائش گاہ جا کر الگ الگ مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور مٹھائی (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 22)

آصف علی بھٹی کی میڈیا ایڈوائزر اوورسیز کمیشن تقرری بروقت فیصلہ ہے

مرزا عمران بیگ، راجہ محمود اختر

چوہدری صاحبان کا اعلیٰ وصف ہے، آصف علی بھٹی نے دیانتداری اور مخلصی سے چوہدری صاحبان کی لگائی گئی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے نبھایا ہے

چوہدری برادران بالخصوص کمانڈر چوہدری وجاہت حسین، چوہدری حسین الٰہی ورکر نواز اور دھڑے نوازی کی سیاست میں پورے ملک میں اپنی مثال آپ ہیں

گجرات (نمائندہ ڈاک) پاکستان مسلم لیگ کے (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 27)

ڈنگہ گجرات روڈ پر نئی پلی حادثات کا باعث بننے لگی

پلی کے اوپر غیر متوازن سڑک پر سے گر کر موٹر سائیکل سوار زخمی ہونے لگے گزشتہ روز نوجوان جاں بحق ہوا تھا

ڈنگہ (عبدالمجید بچہ) ڈنگہ گجرات روڈ پر نئی بننے والی خونی پلی نے دو روز میں 3 افراد کو شدید زخمی کر کے موت کے منہ میں دھکیل دیا۔ نئی بننے والی پلی کے اوپر غیر متوازن سڑک بنائی گئی جس پر آئے روز کاروں اور موٹر سائیکلوں پر سوار (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 33)

شکریہ!! چوہدری وجاہت حسین
چوہدری حسین الٰہی
محبوب قائدین کی ہر ورکر پر نظر ہے
بلاشبہ محبوب قائدین چوہدری برادران نے کارکنوں کیلئے اپنا وسیع دامن وقف کر رکھا ہے
آصف علی بھٹی
میڈیا ایڈوائزر اوورسیز پاکستانیز کمیشن گجرات ضلع
کی تقرری چوہدری صاحبان کی ورکر نوازی کا تسلسل

نیک خواہشات کیساتھ
ٹھیکیدار راجہ محمود اختر
ادنیٰ ورکر
مرزا عمران بیگ
مسلم لیگی راہنما

راجہ عدنان کی کاوشوں سے کشمیر کالونی میں ترقیاتی کام

چوہدری خالد مظفر کاوزٹ

ملک عدیل بھی ہمراہ تھے، کشمیر کالونی کے مین روڈ کی پختہ تعمیر شروع کر دی گئی، معیاری کام ترجیح ہے، چوہدری خالد

اس موقع پر چوہدری عمران مظفر، راجہ اللہ دتہ، راجہ عارف قاری، راجہ شفیق جرال، راجہ الیاس، راجہ خادم و دیگر موجود تھے

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) مسلم لیگی نوجوان راہنما و راجہ عدنان کی کاوشوں سے ایم این اے چوہدری حسین الٰہی کی طرف سے جاری کردہ فنڈز سے کشمیر کالونی میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ گزشتہ روز سٹی صدر مسلم لیگ چوہدری خالد (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 26)

چوہدری محبوب ربانی ظفر گاؤں گھنسیہ میں حاجی نذیر حسین کی طرف سے عشائیے کے موقع پر عمائدین کے ہمراہ، چوہدری اختر علی باہووال، چوہدری امجد و دیگر موجود ہیں

چوہدری خلیل پرویز شاہ پور کی سالگرہ

دوست احباب کے اعزاز میں عشائیہ

چوہدری کاشف محمود فتح پور، ڈاکٹر عظمت اللہ چوہدری، چوہدری عاصم محمود، شکیل شہزاد چیچی، سمیت دیگر بھی شریک

کیک کاٹا گیا چوہدری خلیل پرویز شاہ پور کی درازی عمر کے لیے دعائیں خوشگوار ماحول میں گفتگو کی گئی

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) ممتاز کاروباری و سیاسی شخصیت چوہدری خلیل پرویز شاہ پور کی سالگرہ، دوست احباب کے اعزاز میں عشائیہ (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 25)

مہر علی رضا، سید احتشام کا علاقہ کا تعزیتی دورہ

عدنان سیفی ہمراہ تھے ماسٹر ارشد کے بھائی کی وفات پر تعزیت کی

شہزاد انصاری کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی بلند درجات کی دعا

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) تحریک لبیک کے امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 32 مہر علی رضا، سید احتشام شاہ اور عدنان سیفی (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 24)

کھاریاں، ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں من مانا اضافہ کر دیا

گلیانہ، کوٹلہ جلالپور جٹاں روڈ پر چلنے والی ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ

وزارت ٹرانسپورٹ، سیکرٹری آر ٹی خاموش کمشنر و ڈپٹی کمشنر بھی بے خبر

کھاریاں (تحصیل رپورٹر) کھاریاں سے سفر کرنے والے شہریوں نے شکایت کی ہے کہ کھاریاں تا گلیانہ، کوٹلہ اور جلال پور جٹاں چلنے والی ٹرانسپورٹ نے کرایوں میں من مانے اضافے کر دیے ہیں۔ دوسری طرف کھاریاں (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 23)

چوہدری خالد مظفر، ملک عدیل، راجہ عدنان، عمران مظفر و دیگر کشمیر کالونی جلالپور جٹاں ترقیاتی کاموں کے دورے کے موقع پر

چوہدری اعجاز چیچی گاؤں گھنسیہ میں حاجی نذیر حسین کی طرف سے دیے گئے عشائیہ کے موقع پر عمائدین علاقہ کے ہمراہ

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 1

تقریب پاک ترکیہ بہترین تعلقات کی مثال ہے۔ ترکیہ کے صدر سے باہمی تعلقات کے فروغ سمیت اہم امور پر بات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ بزنس کمپنیاں کا یہ اجلاس تجارت کے فروغ کے لیے معاون ثابت ہوگا اور کچھ روز قبل ترکیہ میں جو دھماکہ ہوا اس میں جانی نقصان پر افسوس ہے اور پاکستان کی طرح ترکیہ بھی دہشت گردی کا شکار ہوا۔ دہشت گردی کے واقعات میں ملوث لوگ انسان دوست نہیں اور ان کا کوئی مذہب نہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے معاشرے کے ہر طبقے نے قربانیاں دیں اور پاکستان دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے ترکیہ کے ساتھ کھڑا ہے۔ ترکیہ پاکستان کا دوسرا گھر ہے اور دہشت گردی کے خلاف مشترکہ حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کا درد ایک ہے اور دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات ہیں۔ پاکستان میں سیلاب آیا تو ترکیہ نے ڈاکٹرز، طبی عملہ، امداد اور بنیادی ضروری اشیا بھیجیں۔ سیلاب کے دوران مشکل میں پاکستان کا ساتھ دینے پر ترکیہ کے مشکور ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ترقی کے لیے پاکستان اور ترکیہ کو مزید آگے بڑھنے کی ضرورت ہے جبکہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات ہیں۔ سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ سرمایہ کاروں کے تحفظات کو دور کیا جائے گا جبکہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تجارت، کاروبار اور دیگر شعبوں میں مؤثر تعاون ہوگا۔ پاکستان میں گیس کی قلت اور بجلی کے مسائل ہیں جبکہ چین، ترکیہ، امریکہ اور دیگر ممالک سے توانائی کے شعبے میں تعاون جاری ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان امریکہ، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات سمیت تمام ممالک کے ساتھ کام کرنے کا خواہاں ہے اور پاکستان چاہتا ہے دنیا بھر سے تمام شعبوں میں سرمایہ کاری ہو۔ پاکستان اور ترکیہ نے تجارت کے فروغ کے لیے معاہدوں پر دستخط کیے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 2

کے کردار کو سراہا۔ وزیر اعظم نے ترک تاجروں پر زور دیا کہ وہ پاکستان میں خاص طور پر توانائی کے شعبے اور قابل تجدید ذرائع میں سرمایہ کاری کریں، وزیر اعظم نے ترک تاجروں کو حکومت پاکستان کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ تاجروں نے دوطرفہ تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو مزید گہرا کرنے میں اپنا کردار جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ پاک یاترم، اناد ولو گروپ، زورلو اینرجی، البیرک اور گورلیس ہولڈنگز کے وفود کی قیادت ان کے متعلقہ مالکان اور سی ای او زکر رہے تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 3

ندیم رضا نے 41 سال کی شاندار کیریئر میں کئی عہدوں پر خدمات انجام دیں، جنرل ندیم رضا کے اعزاز میں گزشتہ روز جوائنٹ اٹاف ہیڈ کوارٹرز میں خصوصی تقریب بھی منعقد ہوئی تھی، تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے جنرل ندیم رضا کو گارڈ آف آنر پیش کیا تھا، جنرل ندیم رضا نے ستمبر 1985ء میں انفنٹری کی دس سندھ رجمنٹ میں کمیشن حاصل کیا، جنرل ندیم رضا نے اہم عہدوں پر کمانڈ، سٹاف اور انسٹرکشنل خدمات انجام دیں، جنرل ندیم رضا پاکستان ملٹری اکیڈمی کے کمانڈنٹ بھی رہے، جنرل ندیم رضا دسمبر 2016ء میں کور کمانڈر راولپنڈی کی اہم پوزیشن پر تعینات ہوئے، جنرل ندیم رضا چیف آف جنرل سٹاف کی اہم ترین ذمہ داری پر فائز رہے، جنرل ندیم رضا 16ویں چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 4

کی وجہ سے بند ہوگیا۔ جس کے باعث سسٹم کے ذریعے جاری سکول شماریات کا کام روک دیا گیا۔ محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے تمام سرکاری سکولوں کی انتظامیہ کو ہدایات جاری کردی کہ سکول انفارمیشن سسٹم بحال ہونے تک سسٹم میں ڈیٹا اپ لوڈ نہ کیا جائے۔ واضح رہے کہ سکول شماری کا عمل مکمل کرنے کی پہلی تاریخ 31 اکتوبر تھی جبکہ دوسری تاریخ 25 نومبر دی گئی جو بھی گزر گئی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 5

جبکہ فضائی آلودگی کے بادلوں نے شہر کی فضاء میں باقاعدہ ڈیرے ڈال لئے ہیں۔ جس کے باعث دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں لاہور ایک مرتبہ پھر پہلے نمبر پر آگیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہفتے کے روز شہر کے ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 513 ریکارڈ کی گئی جبکہ ویلس سوسائٹی کا علاقہ شہر کا آلودہ ترین علاقہ قرار دیا گیا۔ جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 586 ریکارڈ کی گئی اسی طرح فداحسین روڈ پر ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 583 ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں بارش کے 10 فیصد امکان کا اظہار کیا ہے جبکہ شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 25 ڈگری سینٹی گریڈ اور کم سے کم 9 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 6

وفاقی وزیر آئی ٹی امین الحق نے وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو خط ارسال کیا ہے جس حوالے سے انہوں نے بتایا کہ کچھ روز قبل تمام ٹیلی کام آپریٹرز کی جانب سے وزارت آئی ٹی کو خط لکھا گیا، خط میں اسٹیٹ بینک کی جانب سے گوگل کو ادائیگی روکنے کے خدشات کا اظہار کیا گیا، پھر ہم نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد وزارت خزانہ کو خط لکھنے کا فیصلہ کیا۔ امین الحق نے کہا کہ ٹیلی کام انڈسٹری پہلے ہی مشکلات کا شکار ہے، اس طرح کے فیصلے کرپشن کے لیے خواتین کا سہارا لیا ہے۔ پی ڈی ایم کی جماعتوں کے سربراہان نے عدم اعتماد پیش کر کے اس فتنے کو پاکستان کی تباہی میں کامیاب نہیں ہونے دیا۔ مرید کے میں حاجی یونس ورک ٹرسٹ اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما چودھری محمد ارشد ورک کے زیر اہتمام 54 نادار بچیوں کی اجتماعی شادیوں کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ عمران خان نے ملک کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا تھا اور اس ٹولے کی پوری کوشش تھی کہ پاکستان دیوالیہ ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ اسحٰق ڈار بھی وزارت سنبھالنے کے بعد سر پکڑ کر بیٹھ گئے کہ نا اہل پی ٹی آئی حکمرانوں نے ملک کا کہاں کہاں سے بیڑہ غرق کیا ہے۔ وفاقی وزیر تعلیم نے کہا کہ کھلاڑی نے نہ صرف سیاست کو کھیل سمجھا بلکہ مذہب، آئین، قانون اور اداروں کو بھی کھیل بنا دیا اور آرمی چیف کی تقرری کو بھی کھیل بنانے کی کوشش کرتا رہا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں پی ٹی آئی نظر نہیں آرہی کیونکہ عمران کی شکل میں اس پارٹی کا پانی کا بلبلہ ختم ہونے کے قریب ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عمران خان کے پاس پیرنی ہے تو ہمارے پاس بھی عوامی خدمت کی 'پیرنی' ہے جو دوسری پیرنیوں کو سہم کر دے گی۔ عمران خان نے پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر لاوارث کر دیا تھا اور کوئی بھی ملک ہمارے ساتھ بات کرنے کو تیار نہیں تھا۔ سی پیک پر کام روک کر چین جیسے دوست کو بھی ناراض کیا گیا جبکہ اپنی حرکتوں سے پاکستان کی ناک کٹوا کر رکھ دی۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ عمران خان اب ملک کا وزیر اعظم تو درکنار چپڑاسی بننے کے بھی قابل نہیں رہا یہ ایک عذاب ہے جو ہم پر نازل ہو چکا تھا۔ اہم اداروں کے پرتنقید کے حوالے سے وفاقی وزیر تعلیم نے کہا کہ عمران خان اپنی حکومت بچانے کے لئے کردار ادا نہ کرنے پر اداروں پر ایسے برس رہا ہے جیسے اس کے باپ کی جائیداد تھی جسے بچایا نہیں گیا۔ قبل ازیں رانا تنویر حسین نے سابق ایم این اے رانا افضال حسین، سابق چیئرمین ضلع کونسل شیخوپورہ انجینئر رانا احمد شفیق انور، سابق ایم پی اے چودھری حسان ریاض، سابق چیئرمین بلدیہ میاں شبیر احمد، وائس چیئرمین رانا ماجد نواز، سید اعجاز الحسن شیرازی امیدوار صوبائی اسمبلی چودھری محمد ارشد ورک، چودھری انعام اللہ ورک کے ہمراہ تمام دلیوں میں طلائی انگوٹھیاں اور قرآن مجید کے نسخے پر مشتمل تحائف تقسیم کیے اور انہیں دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 15

پنشن دائر کی تھی کہ حکومت کی طرف سے 25 سال کی سروس کرنے والوں کو ریٹائرمنٹ کا حق دیا گیا ہے لیکن اسکے ساتھ 55 سال کی عمر ہونا بھی لازمی کیا گیا جو کہ سرکاری ملازمین کے ساتھ زیادتی ہے۔ 25 سال سروس مکمل کرنے والوں کو ریٹائرمنٹ کا حق دیا جائے جبکہ اس کے ساتھ 55 سال کی عمر کا ہونا ختم کیا جائے۔ عدالتی ذرائع کے مطابق لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ راولپنڈی نے رٹ پٹیشن کا فیصلہ کرتے ہوئے 25 سال کی سروس مکمل کرنے والوں کو ریٹائرمنٹ لینے کیلئے 55 سال کی عمر کی حد ختم کرنے کا فیصلہ سنا دیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 16

الماریوں کی زینت بن کر رہ گئی ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے رواں سال یوم پولیس شہداء کے موقع پر پولیس اہلکاروں کی تنخواہوں میں اضافہ پولیس شہدا کی پنشن میں اضافہ ٹریفک وارڈن کو ایک سال میں 7 وردیاں دینے کے اعلانات کے تھے۔ جو 5 ماہ گزر جانے کے باوجود پورے نہیں ہو سکے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 17

برادر ملک سے ہمیں اعلیٰ معیار کا چاول مل سکتا ہے تو ہم کسی اور جگہ سے کوئی منگوائیں۔ گوادر بندرگاہ خطے کو جوڑنے کا بہت بڑا موقع فراہم کرتی ہے۔ اس بندرگاہ کو ہمارے انفراسٹرکچر سے جوڑنا کوئی بڑی بات نہیں۔ خطے کو باہم ملانے سے تجارت کے نئے امکانات پیدا ہوں گے لیکن اس کے لئے تمام ممالک کو مل کر مخلصانہ تعاون کی بنیاد رکھنا ہوگی۔ وہ ''وسطی راہداری کے ساتھ: جیوپالیٹکس، سکیورٹی اینڈ انوائرنمنٹ'' کے موضوع پر منعقدہ عالمی سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ آزربائیجان کے صدر نے وزیر اعظم شہباز شریف اور پاکستان کو بھائی اور قریبی دوست قرار دیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 18

کھاریاں کے علاقوں سے تحریک انصاف کے کارکنان، معززین، سیاسی شخصیات مرکزی سیکرٹری حلقہ این اے 62 پہنچیں جہاں سے محمد الیاس چودھری کی قیادت میں راولپنڈی روانہ ہوئے۔ قافلے کا شہر میں شاندار استقبال کیا گیا، اس موقع پر محمد الیاس چودھری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حقیقی آزادی تک جدوجہد جاری رہیگی، قوم عمران خان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، جمہوری اقدار کی بحالی کیلئے شفاف انتخابات ضروری ہے، عمران خان پاکستان کی امید ہیں جنہیں نہ تو ڈرایا جا سکتا ہے اور نہ ہی خریدا جا سکتا ہے، چوروں کا ٹولہ جتنا مرضی ہتھکنڈے آزمالے یہ باشعور عوام رکنے والی نہیں، ہمارا لیڈر حق سچ، ملک وقوم کیلئے ظالم وجابر کیخلاف میدان عمل میں ہے، انکا مزید کہنا تھا کہ سرائے عالمگیر میں حقیقی آزادی مارچ کی کامیابی کے بعد حلقہ این اے 62 کے عوام جس جوش وجذبہ راولپنڈی پہنچے وہ قابل تحسین ہے، حلقہ این اے 62 کے عوام نے ثابت کر دیا ہے کہ یہ حلقہ پی ٹی آئی کا قلع ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 19

12 نمائشی پلانٹس لگائے جا چکے ہیں۔ آج مورخہ 26 نومبر بروز ہفتہ یونین کونسل مرالہ کے گاؤں بویا والی میں دو مزید نمائشی کھیت لگائے جائیں گے۔ فیلڈ آفیسر اشفاق احمد کو محکمہ زراعت کے افسران اور چھوٹے بڑے زمینداروں نے ان کی کارکردگی پر بے حد سراہا ہے۔ کھاریاں ایک شہری حلقہ ہے مگر یہاں پر گندم کی بوائی کے ضمن میں مثالی کام کیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 20

اور ترقیاتی کاموں بارے تبادلہ خیال کیا گیا، عشائیہ میں شرکت کرنیوالوں میں نمایاں چودھری اختر علی باہووال، چودھری شبیر نمبردار، چودھری عارف جٹ، چودھری ارشد جٹ، حسن دلدار گجر گھنیہ، اور نگزیب منج، چودھری امجد منج، ماسٹر مہدی خاں، مہر یاسین، افضال مہر، چودھری افتخار احمد آوانہ، چودھری محمد اظہر، راجہ صداقت، احتشام شاہ، محمد عارف آوانہ، چودھری محمد قادر مکریاں، لالہ محمد زمان مکریاں، ٹارڈو کے مکریاں، چودھری اکمل پیارا، صوفی غلام رسول چک کرال، محمد الیاس، چودھری سجاد احمد بھووال، چودھری تصور مہدی بھووال، چودھری علی محمد ودیگر شامل تھے، مسلم لیگی راہنما چودھری ثمر اعجاز چیمہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مخلص کارکن آپ لوگوں کے پاس بھیج دیتے ہیں آپ مرضی سے گاؤں میں کام کروائیں، ثمر اعجاز چیمہ نے مزید کہا کہ ایم این اے چودھری حسین الٰہی کے شکر گزار ہیں جنہوں نے خطیر فنڈز دیئے انشاء اللہ تمام مسائل حل ہونگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 21

گلیانہ روڈ کی سڑک کی تعمیر اور لنکس روڈز پر لف ٹائل لگوانے کا کام جلد شروع ہوگا۔ علی فرخ مجید سماجی تنظیم کی جانب سے ان کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کے توسط سے بھی پانچ کروڑ روپے کے فنڈز جاری کروانے کی کوشش ہو رہی ہے۔ امید ہے ایک عرصے سے رکے کام پایہ تکمیل تک پہنچ جائیں گے۔ سروس روڈز کے منصوبے پر بند کام کو بھی جلد شروع کروا کر کھاریاں کے عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا کریں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 22

پیش کی۔ شیخ ارسلان، چوہدری مدثر وڑائچ ان کے ہمراہ تھے۔ حاجی نصر اللہ کھوکھر اور حسان اللہ کھوکھر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی اور چودھری مونس الٰہی نے ہمیشہ ورکر نوازی کی ہے۔ چوہدری برادران نے ہر موقع پر اہل گجرات کے مفادات کو ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری شجاعت گل اور چودھری افضل ساہی قائدین کے اعتماد پر پورا اترینگے اور عوامی مسائل حل کرانے میں کردار ادا کرینگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 23

سے ڈنگہ، منڈی بہاؤالدین روٹ پر بسوں اور ویگوں نے بھی مرضی کے کرائے سیٹ کر لیے ہیں۔ وزارت ٹرانسپورٹ پنجاب روایتی انداز میں خاموش بیٹھکے ڈپٹی کمشنر گجرات بھی بے خبر ہیں۔ ماضی کی طرح پبلک ٹرانسپورٹ کو ڈیل کرنے والے ارباب اختیار کا خیال ہے کہ وقت اور حالات مسافروں اور ٹرانسپورٹروں کے درمیان کرایوں کا توازن قائم کرنے میں بہتر کردار ادا کریں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 24

نے علاقہ کا تعزیتی دورہ کیا۔ مہر علی رضا اور دیگر نے محلہ نوشہرہ میں ماسٹر ارشد کے بھائی، شہزاد انصاری کی والدہ محترمہ کی وفات پر تعزیت، فاتحہ خوانی، مرحومین کے بلند درجات اور پسماندگان کے صبر و جمیل کی دعا کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 25

، چوہدری کاشف محمود فتح پور، ڈاکٹر عظمت اللہ چوہدری، چوہدری عاصم محمود، شکیل شہزاد چیمہ، سمیت دیگر بھی شریک کیک کاٹا گیا چوہدری خلیل پرویز شاہ پور کی درازی عمر کے لیے دعائیں خوشگوار ماحول میں گفتگو کی گئی دوستوں کی طرف سے خصوصی تحائف دیئے گئے چوہدری خلیل پرویز شاہ پور نے دوست احباب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 26

مظفر، جنرل سیکرٹری ملک عدیل امتیاز، چوہدری عمران مظفر نے کشمیر کالونی میں تعمیر ہونے والی مین روڈ کا وزٹ کیا اور استعمال ہونے والے میٹریل کی کوالٹی چیک کی۔ اس موقع پر چوہدری خالد مظفر کا کہنا تھا کہ وہ ترقیاتی کاموں میں ناقص میٹریل کے استعمال پر کام فوری رکوا دیں گے۔ اس لیے ٹھیکیدار معیاری کام پر فوکس کریں۔ راجہ عدنان نے ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈز جاری کرنے پر چوہدری حسین الٰہی کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر راجہ اللہ دتہ، راجہ عارف قاری، راجہ شفیق جرال، راجہ الیاس، راجہ خادم ودیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 27

راہنما مرزا عمران بیگ اور سائیں راجہ محمود اختر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ چوہدری برادران بالخصوص کمانڈر چوہدری وجاہت حسین، چوہدری حسین الٰہی ورکر نواز اور دھڑے نوازی کی سیاست میں پورے ملک میں اپنی مثال آپ ہیں، آصف علی بھٹی کی چوہدری برادران بالخصوص چوہدری وجاہت حسین، چوہدری حسین الٰہی کیلئے صحافتی خدمات کے اعزاز میں انہیں میڈیا ایڈوائزر اور سینیٹر پاکستانیز کمیشن بنانا دیگر سیاسی عمائدین کیلئے بھی قابل تقلید بات ہے آصف علی بھٹی نے دیانتداری اور مخلصی سے چوہدری صاحبان کی لگائی گئی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے نبھایا ہے امید ہے کہ وہ آئندہ بھی اور سینیٹر پاکستانی کمیشن کے پلیٹ فارم سے ق لیگ ورکرز اور بیرون ملک کے عہدیداران کی مثالی خدمت کر کے چوہدری برادران کا نام روشن کرینگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 28

تبدیل کروانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2022 ہے جس میں توسیع نہیں کی جائے گی، اسی لئے ابھی پرانی وضع کے منسوخ شدہ بینک نوٹوں کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے بینکنگ سروسز کارپوریشن دفاتر سے فوراً تبدیل کروائیں۔ آخری موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 29

صاحبزادی ملک افضل اعوان ملک غلام صفدر مرحوم ملک اسلم مرحوم۔ مسلم لیگ ن کے رہنما یوسی اجنالہ کے صدر ملک جاوید اعوان کی ہمشیرہ صاحبہ۔ نیشنل بینک کے آفیسر ملک امتیاز حسین اعوان ملک سہیل افضل اعوان ملک اسد اعوان کی پھوپھو جان اور ملک فیاض آف بھگوال کی والدہ محترمہ۔ جو امریکہ میں مقیم تھیں قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے ان کی نماز جنازہ امریکہ میں ادا کر دی گئی اور امریکہ میں سپرد خاک کر دیا گیا ان کی فاتحہ خوانی اور اظہار تعزیت کا سلسلہ ملک ہاؤس اعوان شریف جاری علاقہ بھر کی ممتاز شخصیات نے اعوان شریف ملک ہاؤس آکر فاتحہ خوانی کی اور اظہار تعزیت کیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 30

زندگیاں مفلوج ہو کر رہ گئیں جبکہ بے ہنگم ٹریفک نے رہی سہی کسر بھی نکال دی۔ تفصیلات کے مطابق چھوٹا بازار مین بازار دینہ چکیاں بازار سروس روڈ پر تجاوزات کے باعث شدید پریشانی ہے ریڑھی بانوں نے ریڑھیاں کھڑی کر کے آمد ورفت میں مشکلات پیدا کر رکھی ہیں جبکہ دکانداروں نے پانچ سے چھے فٹ تجاوز کر رکھا ہے تجاوزات نے شہر کی کشادہ سڑکوں کو باریک گلیوں میں تبدیل کر دیا ہے، انتظامیہ کی عدم توجہی کیوجہ سے تجاوزات مافیا نے مستقل بنیادوں پر ٹھیلے قائم کر رکھے ہیں، انتہائی باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ بلدیہ کے شعبہ انکروچمنٹ کے عملے کی سرپرستی اور مقامی سیاست دانوں کی آشیر باد کیوجہ سے مافیا نے قبضے جما رکھے ہیں، بااثر دکانداروں نے تجاوزات کی سرپرستی کرتے ہوئے عارضی ٹھیئے قائم کرنے والوں سے باقاعدہ روزانہ کی بنیاد پر بھاری معاوضہ وصول کیا جاتا ہے۔ شہری، سماجی، رفاہی، فلاحی تنظیموں کے عمائدین نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، سیکرٹری بلدیات سے تجاوزات ختم کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 31

احباب کے ہمراہ انکا والہانہ اور پرتپاک استقبال کیا اس موقع پر شیخ ساجد محمود، شیخ ناصر محمود، مولانا زبیر تبسم، چوہدری ظفر حقیقہ، احسان گجر جرمنی، ناصر جمال چٹھہ، چوہدری احمد زمان کائرہ انگلینڈ سمیت دیگر اور دیسز پاکستانی موجود تھے۔ شیخ طارق محمود نے چوہدری شبیر حسین کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ چوہدری شبیر حسین اور دیسز پاکستانیوں کے مسائل حل کرانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے ان کا بطور چیئرمین اور دیسز پاکستانی پنجاب انتخاب ان کی قائدانہ صلاحیتوں کا برملا اعتراف ہے ہم ان کی مزید کامیابیوں کیلئے دعا گو ہیں اس موقع پر شیخ طارق محمود ودیگر نے چوہدری شبیر حسین کے اعزاز میں پرتکلف استقبالیہ دیا اور انہیں مٹھائی پیش کی، چوہدری شبیر حسین نے بھرپور عزت افزائی پر شیخ طارق محمود ودیگر کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 32

قربانیوں کا ثمر ہے انشاء اللہ پاکستان کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے اور عوام کی بے لوث خدمت کے لیے کسی بھی اقدام سے گریز نہیں کریں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 33

افراد کو زخمی ہوتے ہیں ایک ماڈل اسی پی پی 22 سالہ نوجوان گر کر جاں بحق ہوا جبکہ گزشتہ روز دو نوجوان بابر ولد محمد اسلم سکنہ گراٹیاں اور عبداللہ ولد رؤف سکنہ گراٹیاں موٹر سائیکل پر آ رہے تھے کہ ڈھنڈالی پلی کے اوپر موٹر سائیکل بے قابو ہو کر گر گیا جس سے دونوں نوجوان شدید زخمی ہوئے جبکہ ریسکیو 1122 نے فوری طور پر RHC ڈنگہ سے ابتدائی طبی امداد کے بعد عزیز بھٹی ہسپتال ریفر کیا جہاں دونوں نوجوان بدستور کوما میں چلے گئے ہیں جبکہ آج صبح کے وقت 70 سالہ بزرگ رزاق ولد محمد شفیق سکنہ بھاؤ گھیبٹ پور موٹر سائیکل پر ڈنگہ آ رہا تھا کہ اسی پلی پر موٹر سائیکل بے قابو ہو کر گر گیا جس سے شدید زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 نے بزرگ کو ابتدائی طبی امداد دے کر RHC ڈنگہ ریفر کیا ہے۔ اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر گجرات سے مطالبہ کیا ہے کہ نئی بننے والی پلی پر موجود سڑک کو متوازن اور سیدھے رخ بنایا جائے کیونکہ وہ ماہ میں 20 کے قریب افراد گر کر شدید زخمی ہو گئے اور ایک موت بھی ہو چکی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 34

کا شکریہ ادا کیا اس موقع پر انہوں نے چوہدری حاجی خان محمد مکیانہ اور چوہدری محمد اسلم گوری چنڈالہ کو گاؤں میں رہنے والے کاموں کے بارے میں پوری یقین دہانی کروائی اس موقع پر چوہدری جاوید اقبال سنگرانہ چوہدری محسن گجر مکیانہ چوہدری قاسم گوری چنڈالہ بھی ہمراہ تھے اس موقع پر حاجی خان محمد مکیانہ نے کہا کہ ہم چوہدری حسین الٰہی کی قیادت میں یوسی ماچھیوال کے تمام دیہات میں جاری ترقیاتی کاموں کی نگرانی کر رہے ہیں ٹھیکیداروں کو ہدایت کی ہے کہ ناقص میٹریل پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا معیاری کام کیا جائے انہوں نے کہا کہ ہم چوہدری حسین الٰہی کی قیادت پر ہمیں فخر ہے الیکشن کا جب بھی میدان سجے گا پوری تیاری کے ساتھ میدان میں اتریں گے چوہدری حسین الٰہی کو دوبارہ ایم این اے منتخب کروائے گئے۔ ڈیرہ حاجی خان محمد مکیانہ ہر خاص وعام کیلئے 24 گھنٹہ مصروف عمل ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 35

ساتھیوں کیساتھ ہمارے خاندان کا پرانا تعلق ہے یہ میں سرائے عالمگیر کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں ،سرائے عالمگیر سے براستہ دندی دارہ ،بلانی کوٹلہ کو جانیوالی کی روڈ تعمیر کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کرینگے ،آپ کو درپیش مشکلات کا حل کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائینگے ،ان خیالات کا اظہار سابق وفاقی وزیر مرکزی رہنماء پاکستان مسلم لیگ چوہدری مونس الٰہی نے ایئین میں اوورسیز کمیونٹی اور مسلم لیگ ،پی ٹی آئی کے کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کیا ،انکا مزید کہنا تھا کہ اوورسیز کمیونٹی ملکی ترقی کیلئے اہمیت رکھتے ہیں اور ملکی معیشت کی مضبوطی بغیر ترقی میں اوورسیز کمیونٹی ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا ہے ،دیار غیر میں رہنے والی پاکستانی کمیونٹی کے دل ہمیشہ وطن عزیز کیلئے دھڑکتے ہیں ،حکومت پنجاب اوورسیز کمیونٹی کی فلاح و بہبود کیلئے جامع پالیسیاں مرتب کر رہی ہے اور انکی شکایات کے بروقت ازالہ کیلئے تمام محکمہ جات فعال ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 36

ملاقاتیں کیں اور اپنی طرف سے تعاون کا یقین دلایا ، ڈاکٹر سید علی اکبر شاہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم این اے چوہدری حسین الٰہی ، چوہدری سعادت نواز اجنالہ کے مشکور ہیں جنہوں نے میانہ چک تا کوٹلہ ڈھینڈہ روڈ کیلئے فنڈز دیئے ، ڈاکٹر سید علی اکبر شاہ نے کہا کہ این اے 68 میں اربوں روپے فنڈز چوہدری حسین الٰہی کی خدمات کا ثبوت ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 37

چھٹکارا ملے گا۔ ن لیگ ملک وقوم کی خوشحالی کے لئے ہر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ میاں نواز شریف جلد وطن لوٹ کر عدالتوں سے سرخرو ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف نے مار پیٹ کا جو کلچر پروان چڑھایا اس کے نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ سیاست میں برداشت کے کلچر کو فروغ دینا ہوگا۔ تحریک انصاف کی سیاست ختم ہو چکی ہے وہ وقت دور نہیں جب یہ قومی سیاست میں قصہ پارینہ بن جائیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 38

نے عمران خان پر اظہار اعتماد کر دیا ، ہم تحریک انصاف کے تمام لوگوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں سید تصور شاہ کی زیر قیادت حلقہ این اے 63 سے ایک بہت بڑا قافلہ راولپنڈی پہنچا مرکزی قائدین سے ملاقاتیں کیں تمام یونین کونسلز سے قافلے جلالپور جٹاں پہنچے جہاں سے ایک مرکزی قافلے کی صورت میں راولپنڈی روانہ ہوئے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 39

ملاقات انہوں نے سرائے عالمگیر تا کوٹلہ براستہ دندی دارہ ،بلانی روڈ کی خستہ حالی اور ٹوٹ پھوٹ کے دیرینہ مسئلہ سے آگاہ کیا ،راجہ رضا نصیر کا کہنا تھا کہ 40 کلومیٹر طویل روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہے اور روڈ پر حادثات کے سبب کئی انسانی جانیں ضائع ہو چکی ہیں ،متعدد یونین کونسلوں کی ہزاروں کی آبادی اس ٹوٹی پھوٹی روڈ پر سفر کرتے مشکلات سے دوچار ہے ،تحصیل سرائے عالمگیر کے علاقہ جاہ سے بڑی تعداد میں اوورسیز کمیونٹی بیرون ممالک میں مقیم ہے اور اس سنگین مسئلہ پر ان میں تشویش پائی جا رہی ہے ،ہمارا حکومت پنجاب ،وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی سے پرزور مطالبہ ہے کہ عوام کو درپیش اس مسئلہ کو فی الفور حل کیا جائے اور دندی دارہ ،بلانی روڈ کی از سر نو تعمیر کی جائے ،سابق وفاقی وزیر چوہدری مونس الٰہی سے دندی دارہ ،بلانی روڈ کے مسئلہ کو حل کرنے کی یقین دہانی کروادی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 40

نے کہا کہ ملک کے تمام مسائل کا ایک فطاطی حل صاف اور شفاف انتخابات میں ہے۔ 13 جماعتیں مل کر بھی اکیلے عمران خان کا مقابلہ نہیں کر سکتیں۔ عمران خان حق اور سچ کی جنگ لڑ رہا ہے۔ حقیقی آزادی مارچ اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ آج اگر الیکشن ہوتے ہیں تو 13 جماعتوں پر مشتمل پی ڈی ایم عبرتناک شکست سے دوچار ہوگی۔ تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت بن چکی ہے۔ نوجوان ملک کا سرمایہ اور پی ٹی آئی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 41

شرکت کی اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ گراؤنڈ میں آمد پر شفیق مغل، میر ظہیر اور دیگر کا امجد اقبال انصاری اور ٹورنامنٹ انتظامیہ نے پھولوں کے ہار پہنا کر شاندار استقبال کیا۔ امجد اقبال انصاری نے ٹورنامنٹ میں گرینڈ سپانسر کرنے پر شفیق مغل کا شکریہ ادا کیا۔ شفیق مغل، میر ظہیر نے ٹورنامنٹ

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 1

کے ضلعی صدر و سابق وفاقی وزیر چوہدری وجاہت حسین کے اعزاز میں آج بروز اتوار مورخہ 27 نومبر دن 4 بجے ڈیرہ مولوی محمد اکبر صاحب کھوکھا سٹاپ پر چوہدری اقبال اکبر چیمہ، چوہدری رضی الرحمن چیمہ، محمد اسود زمان چیمہ ظہرانہ کا اہتمام کریں گے ظہرانہ آمد پر چوہدری وجاہت حسین کا شایان شان استقبال کیا جائے گا۔ ضلع بھر کے معززین اور مسلم لیگی قائدین شریک ہونگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 2

وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی نے اے پی این ایس کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ سیاسی صورتحال کنٹرول میں ہے۔ جب تک اللہ چاہے، پنجاب حکومت کو کچھ نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے عہدہ دیا، جو چیز اللہ دیتا ہے اسے کوئی نہیں چھین سکتا۔ پنجاب حکومت اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے قائم ودائم ہے، مدت پوری کریں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مختصر عرصے میں عوام کی فلاح و بہبود کے لئے بے پناہ کام کیا ہے۔ ہماری نیت نیک اور درست ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موقع دیا عوام کی خدمت کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پرویز الٰہی نے کہا کہ سب اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے، اللہ تعالیٰ کو یاد کر کے فیصلے کرتے ہیں جس کا پھل بھی ملتا ہے اور اب ہمیں نیت کا پھل مل رہا ہے کسی سے کوئی بغض نہیں، مثبت سوچ رکھتے ہیں۔ دو، اڑھائی ماہ میں سال سے زیادہ کام کر کے دکھایا۔ وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے اخبارات کے واجبات ایک ماہ کے اندر ادا کرنے کا حکم دے دیا اور مزید کہا کہ علاقائی اخبارات کو 25 فیصد کوٹہ ملے گا، کلر اشتہار بھی دیئے جائیں گے۔ صدر آل پاکستانی نیوز پیپرز سوسائٹی سرمد علی نے کہا کہ چوہدری پرویز الٰہی میڈیا فرینڈلی وزیراعلیٰ ہیں ہمیشہ اخبارات کو سپورٹ کیا۔ چوہدری پرویز الٰہی نے اخبارات کے مسائل کے حل کے لئے ہمیشہ دست شفقت رکھا۔ خوشنود علی خان نے کہا کہ جب سے آپ آئے ہیں اخبارات کو ادائیگیاں شروع ہوگئی ہیں۔ ملاقات میں عمومی سیاسی صورتحال اور اخبارات سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر سرمد علی، نائب صدر جمیل اطہر، شہاب زبیری، سیکرٹری جنرل ناز آفرین سہگل لاکھانی، جوائنٹ سیکرٹری محسن بلال، سیکرٹری فنانس محمد اویس خوشنود، مجیب الرحمٰن شامی، سید سجاد بخاری، ممتاز اے طاہر، خوشنود علی خان، صبا عمر یوسف، محمد یونس مہر، سید ممتاز احمد شاہ، قاسم علی، سید محمد منیر جیلانی، عمر مجیب شامی، ہمایوں گلزار، ڈاکٹر تنویر اے طاہر اور دیگر شامل تھے۔ پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ محمد خان بھٹی، سیکرٹری اطلاعات آصف بلال لودھی، پریس سیکرٹری وزیراعلیٰ اقبال چوہدری اور ڈی جی پی آر افراز احمد بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 3

کہا کہ عمران خان آج بھی حساس اداروں کو مورد الزام ٹھہرا رہے ہیں اور ان پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وہ اس میں نہ پہلے کامیاب ہوئے اور نہ اب کامیاب ہونگے۔ ہماری ساری زندگی کی جدوجہد یہ ہی تھی کہ حساس ادارے سیاست میں مداخلت نہ کریں۔ اب اگر انہوں نے یہ اصولی فیصلہ کیا ہے تو ہمیں ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ عمران خان آج بھی اپنی جماعت کے ساتھ مل کر حساس اداروں کو یہ کہہ رہے ہیں کہ ان کے حق میں مداخلت کی جائے۔ جہاں تک تعلق عمران خان کا استعفے دینے کا ہے تو انہوں نے پہلے بھی ایک غلط فیصلہ کیا تھا، آج ان کے غلط فیصلوں کی فہرست میں ایک اور فیصلہ شامل ہوگیا ہے۔ میرا خیال ہے کہ عمران خان اپنے اس فیصلے سے بھی یوٹرن لے لیں گے۔ اگر انہوں نے یہی فیصلے کرنے ہیں اور ملک کو بحرانوں میں دھکیلنا ہے تو ہمیں بھی دوسرے آپشن دیکھنے ہونگے۔ عمران خان جب قومی اسمبلی سے نکلے تھے تو اس کے بعد قومی اسمبلی گر نہیں گئی تھی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 4

میٹنگ میں چوہدری سعادت نوازاجنالہ، ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ، چوہدری شان ظفر حاجیوالہ، چوہدری عبدالجبار بالی شامل تھے جنہوں نے حاجیوالہ کونسل کے لنک روڈز کی تعمیر سمیت گلیوں نالیوں کے فنڈز بارے تبادلہ خیال کیا چوہدری حسین الٰہی نے بتایا کہ فنڈز آتے ہیں کہ آپ کے بتائے تمام کام مکمل ہو جائیں گے کام آپ شروع کروائیں فنڈز لانا میری ذمہ داری ہے ایم این اے 68 کی تمام کونسلوں میں کام ہو رہے ہیں انشاءاللہ کسی بھی معاملے میں تاخیر نہیں ہوگی، چوہدری سعادت نوازاجنالہ نے پی پی 28 کے باقی رہ جانے والے کام اور شروع کئے جانے والے کاموں بارے اظہار خیال کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 5

کی کو چیئرمین ممبر پارلیمنٹ یاسمین قریشی نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ آفس میں ہونے والی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور پاک برطانیہ تعلقات کے فروغ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے اقدامات پر بھی بات چیت ہوئی۔ ممبر پارلیمنٹ ہاؤس آف کامنز برطانیہ یاسمین قریشی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے سابقہ دور میں عوامی فلاح کے بے پناہ منصوبے مکمل کئے۔ چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے ویژن سے پنجاب کو بہترین اور سرپلس صوبہ بنایا اور ان کے ہر شعبے میں مثبت کام آج بھی لوگوں کو یاد ہیں۔ یاسمین قریشی نے کہا کہ چوہدری پرویز الٰہی عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور اب بھی مختصر عرصے میں چوہدری پرویز الٰہی نے کئی برس کا کام کیا ہے۔ اوورسیز پاکستانیز چوہدری پرویز الٰہی کے فلاحی منصوبوں کو سراہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیرون ملک بسنے والے پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ ملکی معیشت کی مضبوطی کیلئے اوورسیز پاکستانیوں کی خدمات فراموش نہیں کر سکتے۔ عمران خان کے دور میں اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دیا گیا۔ افسوس کا مقام ہے کہ موجودہ وفاقی حکومت نے اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کے حق سے محروم کیا۔ موجودہ وفاقی حکومت اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق کی قاتل ہے۔ بیرون ملک بسنے والے آئندہ موجودہ وفاقی حکومت میں شامل کسی جماعت پر اعتبار نہیں کریں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم بیرون ملک بسنے والے پاکستانیوں کو وطن کے سفیر سمجھتے ہیں۔ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے جامع پالیسی لا رہے ہیں۔ یاسمین قریشی کے شوہر ندیم اشرف بٹ، سابق صوبائی وزیر میاں عمران مسعود، چیف سیکرٹری عبداللہ خان سنبل، سابق پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ جی ایم سکندر، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب سرمایہ کاری بورڈ اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 6

سینئر رہنما چوہدری مونس الٰہی نے کہا ہے کہ ہم پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان ہمارے وزیراعظم ہیں، ان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں۔ ٹویٹر پر اپنے بیان میں انہوں نے وزیر دفاع پر تنقید کرتے ہوئے لکھا کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان ہمارے وزیراعظم ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی ان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں، ان کا نام پرویز الٰہی ہے، خواجہ آصف نہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف صاحب آپ اپنی فکر کریں، یہ نہ ہو آپ سیالکوٹ سے بھی جاؤ۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 7

سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی نے کہا کہ جس وقت عمران خان نے کہا پنجاب اسمبلی توڑ دی جائے گی۔ سامی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے ایک بیان میں سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ 27 جولائی کو اللہ پاک نے ہمیں سرخرو کیا تھا اور چوہدری پرویز الٰہی کو وزیراعلیٰ پنجاب بنایا تھا۔ اس دن کے بعد سے ہم بونس پر چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے ساتھ ہم اپنے وعدے پر قائم ہیں۔ جس دن ہمارے وزیراعظم عمران خان نے کہا اسی وقت انشاء اللہ پنجاب اسمبلی توڑ دی جائے گی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 8

ایس شامل تھیں ضلع بھر سے تمام قافلے ضلعی سیکرٹریٹ میں اکٹھے ہوئے جہاں سے ضلعی صدر چوہدری سلیم سرور جوڑا کی قیادت میں راولپنڈی روانہ ہوئے قافلہ میں ہزاروں افراد شامل تھے جنہوں نے پارٹی جھنڈے اور بینرز اٹھا رکھے تھے قافلہ میں خواتین بھی شامل تھیں ضلعی صدر چوہدری سلیم سرور جوڑا نے راولپنڈی لانگ مارچ میں روانگی سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام مسائل اور بحرانوں کا حل صرف اور صرف شفاف انتخابات میں عوام نے امپورٹڈ حکومت کو مسترد کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ ریاستی جبر کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا پوری قوم عمران خان کے ساتھ ہے عوام عمران خان کو دوبارہ وزیراعظم دیکھنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ راولپنڈی لانگ مارچ میں لاکھوں افراد کا اجتماع اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام حقیقی آزادی چاہتے ہیں عمران خان نے ہمیشہ کرپٹ عناصر کی مخالفت کی ہے ملک کو طاقتور مافیا سے آزاد کرانے کے لیے قوم عمران خان کی ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 9

منعقد ہوئی جس کی صدارت ممتاز مذہبی وروحانی شخصیت سجادہ نشین حضور خوث یگانہ چھالے شریف پیر سید اختار الحسن شاہ نے کی قبل ازیں محفل پاک آمد پر پیر سید اختار الحسن شاہ کا مہتمم جامعہ ہذا علامہ محمد ارشد نقشبندی نے ساتھیوں کے ہمراہ والہانہ اور پرتپاک استقبال کیا منوں پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور طلائی ہار پہنائے، محفل پاک میں ممتاز مذہبی سکالر مفتی پیر محمد حنان افضل قادری مراڑیاں شریف، پیر سید زاہد حسین شاہ ترمذی ودیگر علمائے کرام نے شرکت کی اس موقع پر عمائدین علاقہ کی کثیر تعداد موجود تھے، پیر سید اختار الحسن شاہ سے پیر حنان افضل قادری ودیگر علمائے کرام نے ملاقاتیں بھی کیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 10

فورم جاوید بٹ نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دیدیا اپنے موقف سے انہوں نے کہا کہ میری والدہ شدید بیمار ہیں اور والدہ کی بیماری کی وجہ سے مصروفیت اور پریشانی کے باعث بطور صدر گجرات ویلفیئر فورم اپنی خدمات ادا کرنے سے قاصر ہوں اور اس لیے ایمانداری کا تقاضہ ہے کہ اپنے عہدے کو چھوڑ دوں لیکن بطور ممبر گجرات ویلفیئر فورم حاضر ہوں اور اپنی خدمات ممبر کی حیثیت سے جاری رکھوں گا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 11

پرائمی رہائشگاہ پر جا کر فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے اظہار افسوس کیا اس موقع پر چوہدری سعادت نوازاجنالہ، ڈاکٹر چوہدری شاہنواز زاجنالہ، چوہدری وقاص وڑائچ، چوہدری ارسلان زاہد نٹ، میاں شاہزیب سرہالی، چوہدری تنویر اشرف خواص پور، ملک بابر رزاق، ملک گلریز بھی موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 12

اب بھی مختصر عرصے میں چوہدری پرویز الٰہی نے کئی برس کا کام کیا ہے۔ اوورسیز پاکستانیز چوہدری پرویز الٰہی کے فلاحی منصوبوں کو سراہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیرون ملک بسنے والے پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ ملکی معیشت کی مضبوطی کیلئے اوورسیز پاکستانیوں کی خدمات فراموش نہیں کر سکتے۔ عمران خان کے دور میں اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دیا گیا۔ افسوس کا مقام ہے کہ موجودہ وفاقی حکومت نے اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کے حق سے محروم کیا۔ موجودہ وفاقی حکومت اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق کی قاتل ہے۔ بیرون ملک بسنے والے آئندہ موجودہ وفاقی حکومت میں شامل کسی جماعت پر اعتبار نہیں کریں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم بیرون ملک بسنے والے پاکستانیوں کو وطن کے سفیر سمجھتے ہیں۔ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے جامع پالیسی لا رہے ہیں۔ یاسمین قریشی کے شوہر ندیم اشرف بٹ، سابق صوبائی وزیر میاں عمران مسعود، چیف سیکرٹری عبداللہ خان سنبل، سابق پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ جی ایم سکندر، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب سرمایہ کاری بورڈ اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 13

کونسلر مسلم لیگ ن چوہدری شاہد اقبال کی جانب سے چوہدری مونی الٰہی کے اعزاز میں شاندار شمولیتی اکٹھ کا اہتمام۔ چوہدری شاہد اقبال نے مسلم لیگ ن چھوڑ کر باقاعدہ مسلم لیگ ق میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ تقریب میں آمد پر چوہدری مونی الٰہی کا پرتپاک استقبال۔ کرنسی نوٹ نچھاور کیے گئے جبکہ مالا پہنا کر چوہدری مونی الٰہی کا استقبال کیا گیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ جبکہ نعت خوانی بھی پیش کی گئی۔ جبکہ سب سے پہلے چوہدری شاہد اقبال نے آنے والے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ چوہدری مونی الٰہی نے عوامی خدمت کی تاریخ رقم کر کے دل جیت لیے ہیں۔ آج انکے ساتھ شامل ہونے کی سب سے بڑی وجہ ایک ہی ہے کہ انہوں نے جو بات کی وہ پوری کی۔ انتہائی کم وقت میں لوگوں کے دلوں میں گھر بنایا۔ یہی وجہ ہے جو آج اپنے پورے سنگ ڈھڑے کے ساتھ شمولیت کا اعلان کر رہا ہوں۔ اللہ نے چاہا تو چوہدری مونی الٰہی کی کامیابی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ بعد ازاں سابق چیئرمین چوہدری افتخار منڈیر نے نئے شامل ہونے والوں کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اور یقین دلایا کہ آپکو کسی پر مایوسی نہیں ہوگی۔ اس موقع پر سابق کونسلر چوہدری اعجاز تارڑ چوہدری فیصل مجید۔ چوہدری بشیر احمد۔ چوہدری ثاقب منڈاہڑ۔ چوہدری شکیل احمد۔ چوہدری عمیر مظہر۔ چوہدری وحید یعقوب۔ اور اہلیان علاقہ کی بڑی تعداد، موجود تھی

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 14

کاسب، محمد اقبال کاسب، حاجی اکرم وڑائچ محمد ناصر کاسب، استاد بھولا چک کمالہ، حاجی نوید اشرف وڑائچ، چوہدری علی وڑائچ، عمران رانجھا نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ڈاکٹر چوہدری شاہ نواز اجنالہ اور انکے رفقاء کا والہانہ استقبال کیا انہیں طلائی اور پھولوں کے ہار پہنائے اور منوں پھولوں کی پتیوں کی بارش کی کرنسی نوٹ بھی نچھاور کئے، اس موقع پر چوہدری تنویر اصغر بھنگر انوالہ، چوہدری شہباز رشید بھانیہ، چوہدری محمود احمد شاہین، ملک امجد صراف ناٹھ، چوہدری طاہر وقار مرزا شریف، شہباز منہاس کونسلر کوآنکھ، چوہدری عادل ہمایوں حاجیوالہ، ملک عمران یسین اعوان، شانی اعوان گجراتی، مرزا بابر خاں کوآنکھ، ڈاکٹر اصغر محمود شاہد ساہل چوہدری عمران اللہ گجر ساہل، رمیش بھٹی کڑیانوالہ، محمد آصف دریا کڑیانوالہ، چوہدری زاہد اکبر اجنالہ، میاں شاہزیب ڈی کی سرہالی سمیت لیگی دیگر لیگی ساتھی بھی انکے ہمراہ تھے، ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری افضل چیمہ اور انکے ساتھیوں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے عزت بخشی اور عظیم الشان اکٹھ کا انعقاد کیا انہیں اپنی طرف سے بھرپور تعاون کا یقین دلاتا ہوں، ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ نے کہا کہ گجرات کو ماڈل ضلع بنانا چوہدری صاحبان کی ترجیح ہے اربوں روپے فنڈز سے ترقیاتی جاری ہیں شروع کئے گئے پراجیکٹ مکمل ہوتے ہی گجرات کا نقشہ بدل جائے گا گجرات کو ڈویژن کا درجہ ملا اس کے ساتھ فنڈز کی فراہمی کی جا رہی ہے گجرات میں میگا پراجیکٹس لائے جا رہے ہیں علاقہ کو خوشحال بنانے کیلئے چوہدری صاحبان متحرک ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 15

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی لیفٹیننٹ جنرل ساحر شمشاد مرزا سے خصوصی ملاقات کی اور انہیں نئی ذمہ داریاں ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان کا مستقبل محفوظ ہاتھوں میں ہے افواج پاکستان نے ہمیشہ ملک وقوم کی حفاظت اور دشمنوں کے خاتمے کیلئے بے پناہ قربانیاں دی ہیں انہوں نے کہا کہ دنیا اس بات کی گواہ ہے کہ پاکستان کی آرمی نوجوان اور عوام اپنے مادر وطن کی حفاظت کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، سید ضیاء اللہ شاہ ایڈووکیٹ نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی لیفٹیننٹ جنرل ساحر شمشاد مرزا کے اعزاز میں چکلالہ سنٹر میں منعقدہ تقریب میں بھی خصوصی شرکت کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 16

کرلی گئی مجوزہ طور پر یہ اراضی این اے 68 میں ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 17

سیکرٹریٹ بھمبر روڈ گجرات پہنچے جہاں سے مرکزی قافلے کی صورت میں راولپنڈی جلسہ کے لیے روانہ ہوئے جہاں انہوں نے چیئرمین عمران خان کا خطاب سنا اس سلسلہ میں چوہدری مدثر رضا چھ یانہ کی طرف سے بھمبر روڈ پر چھ یانہ سیکرٹریٹ میں کارکنان اور عوام کے لیے ناشتے کا اہتمام کیا گیا تھا کارکنوں کو ٹرانسپورٹ فری فراہم کی گئی چوہدری مدثر رضا چھ یانہ کے قافلے میں سینکڑوں گاڑیاں اور ہزاروں افراد شامل تھے نمائندہ ڈاک سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری مدثر رضا چھ یانہ نے کہا کہ آج عوام کے سمندر نے راولپنڈی پہنچ کر ثابت کر دیا ہے کہ عوام عمران خان کے ساتھ ہیں انشاء اللہ تحریک انصاف ملک کو بحرانوں اور مسائل کی دلدل سے نجات دلائے گی وہ وقت دور نہیں جب تحریک انصاف ملک کو ان نااہل حکمرانوں کے چنگل سے نجات دلائے گی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 18

مسعود، میاں ہاشم، میاں اکبر مسعود، احمد بلال ودیگر بھی ہمراہ تھے، میاں ہارون مسعود گاڑی میں پارٹی پرچم بلند کیے ساتھیوں کے ہمراہ نعرے بھی لگواتے رہے نمائندہ ''ڈاک'' سے گفتگو کرتے ہوئے میاں ہارون مسعود کا کہنا تھا کہ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی کال پر پاکستان کی باشعور عوام نے راولپنڈی جلسے میں شرکت کر کے ثابت کر دیا ہے کہ عمران خان پاکستانیوں کے دلوں میں بستے ہیں بچوں، نوجوانوں، بزرگوں کا جلسے میں جوش وخروش قابل دید تھا، انہوں نے کہا کہ عمران خان ایک عہد ساز شخصیت ہیں اور ایسے لیڈر پر ہمیں فخر ہے پاکستان مسلم لیگ کے ساتھ ذاتی حیثیت بھی عمران خان کی بھرپور حمایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سالمیت، بقاء کیلئے عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں اور انشاءاللہ مستقبل میں بھی انکے ساتھ ہیں، انہوں نے کہا کہ جعلی، امپورٹڈ حکومت کے جانے کا وقت آچکا ہے قائد عمران خان کے مطالبے الیکشن کی تاریخ اور شفاف انتخابات کا انعقاد کے اعلان کے ساتھ کھڑے ہیں ہم نہ ڈریں گے نہ جھکیں گے، آئندہ الیکشن عمران خان کا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 19

دفتر میں تعینات پانچ پولیس اہلکاروں اور پرائیویٹ سیکورٹی گارڈ کو بھی دفتر سے ہٹا دیا گیا معطل ہونے والا اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ سعید عباس عرصہ دو سال سے گجرات تعینات تھا اور اس نے محکمے کے بدعنوان اہلکاروں طارق، جمشید وغیرہ کے ساتھ مل کر رشوت کا بازار گرم کر رکھا تھا ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹ اسلام آباد نے سعید عباس کو دو رکنی اعلیٰ سطحی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ پر معطل کر کے سخت ایکشن لیا وزارت داخلہ کے گریڈ 17 کے آفیسر شہزاد اسلم کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ گجرات تعینات کر دیا گیا ہے جنہوں نے چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے اس حوالے سے مزید بتایا گیا ہے کہ مسلم لیگ ن گجرات سٹی کے سابق ایم پی اے پارلیمانی سیکرٹری حاجی عمران ظفر جب پاسپورٹ سروسز کے لئے دفتر گئے تھے تو معطل ہونے والے سعید عباس نے ان سے بھی رشوت طلب کی اور انتہائی روکھا رویہ اختیار کیا سابق ایم پی اے کی شکایت پر وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے فوری طور پر ایکشن لیکر کارروائی کی ڈی پی او گجرات سید غضنفر علی شاہ نے بھی وزارت داخلہ کے افسران کی سفارش پر پاسپورٹ دفتر گجرات تعینات پانچ پولیس اہلکاروں کو تبدیل کر دیا ہے پاسپورٹ دفتر میں سے تعینات عملے کا شہریوں نے خیر مقدم کیا ہے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 20

گجرات کے جنرل سیکرٹری وسابق تحصیل ناظم چوہدری سعادت نوازاجنالہ سے اجنالہ ہاؤس میں مسلم لیگی راہنما چوہدری حبیب اللہ چھالے شریف، سید ذوالفقار حسین شاہ میراں چک، چوہدری احسان نمبردار، مرزا شمس بیگ کی ملاقات، سیاسی معاملات، ترقیاتی کاموں سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، چوہدری سعادت نوازاجنالہ سے عمائدین نے ملاقات کے موقع پر چھالے شریف اور میراں چک کے مسائل بارے تفصیلی گفتگو کی چوہدری سعادت نوازاجنالہ کی طرف سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی، عمائدین کے اعزاز میں پر تکلف عصرانے کا اہتمام بھی کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 21

چوہدری شمشاد بلیو آف ڈنگہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ چوہدری برادران بالخصوص کمانڈر چوہدری وجاہت حسین، چوہدری حسین الٰہی اور چوہدری مونی الٰہی و کرنوازاور دھڑے نوازی کی سیاست میں پورے ملک میں اپنی مثال آپ ہیں، آصف علی بھٹی کی چوہدری برادران بالخصوص چوہدری وجاہت حسین، چوہدری حسین الٰہی کیلئے صحافتی خدمات کے اعزاز میں انہیں میڈیا ایڈوائزر اور سینئر پاکستانیز کمیشن بنانا دیگر سیاسی عمائدین کیلئے بھی قابل تقلید بات ہے آصف علی بھٹی نے دیانتداری اور خلوص سے چوہدری صاحبان کی لگائی گئی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے نبھایا ہے امید ہے کہ وہ آئندہ بھی اوورسیز پاکستانی کمیشن کے پلیٹ فارم سے قی لیگ کے ورکرز اور بیرون ملک کے عہدیداران کی مثالی خدمت کر کے چوہدری برادران کا نام روشن کریں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 22

سیوریج منصوبہ گزشتہ دو ماہ سے زائد عرصہ گزر جانے کے باوجود سست روی کا شکار، ابتدائی طور پر دو سے تین سو میٹرک اکھاڑی گئی سڑک میں سیوریج پائپ لائن بچھانے کی بجائے ٹھیکیدار وانجینئرز ''تیل نکالنے'' میں مصروف نظر آرہے ہیں، روایتی چیک اینڈ بیلنس کے عدم فقدان کے باعث یہ منصوبہ بھی دیگر تعمیراتی کاموں کی طرح کھٹائی میں جاتا نظر آرہا ہے، سڑک کے چند گز ٹوٹے پر گزشتہ چند ہفتوں سے کبھی گہری کھدائی کر کے تو کبھی پانی کا لیول چیک کرنے کے حوالے سے مختلف تجربات کیے جا رہے ہیں جبکہ سڑک پر قدآور بڑے سیوریج پائپ رکھنے کے باعث ٹریفک روانی میں وقت کا باعث بن رہے ہیں اوپر سے ٹھیکیدار کی طرف سے دوران کھدائی نکالی گئی گندگی وپانی بھی بلا کسی روک ٹوک کے سڑک پر پھیلا دی گئی ہے جس سے سروس موڑ سے شادمان چوک تک سڑک کے اطراف میں بنے نالے مکمل طور پر بند ہو چکے ہیں اور گندا پانی جابجا سڑک پر پھیلا ہوا ہے، کھودی گئی روڈ پر چند دنوں قبل ہونیوالی بارش کا پانی تاحال موجود ہے جسے نکالنے کیلئے بھی کوئی مناسب اقدامات تاحال نہیں کیے جا رہے، عوامی سماجی حلقوں کا ''ڈاک'' سروے میں کہنا تھا کہ ایک طرف وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی گجرات شہر کیلئے اربوں روپے کے فنڈز جاری کر رہے ہیں مگر دوسری جانب ناتجربہ کار ٹھیکیدار جہاں تعمیراتی کاموں انتہائی سست روی سے کر رہے ہیں وہیں حکومتی خزانے پر بھی بوجھ بنتے جا رہے ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ رحمان شہید روڈ پر جاری سیوریج منصوبہ پر کام کی رفتار کو تیز کرتے ہوئے منصوبہ جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، عوامی سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی، سابق وفاقی وزیر چوہدری مونس الٰہی سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں جاری ترقیاتی کاموں پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے متعلقہ ٹھیکیداران کو کام معیاری اور بروقت مکمل کرنے کا پابند کیا جائے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 23

پہنچنے پر فقید المثال استقبال کیا گیا، چوہدری افضل چیمہ نے ساتھیوں کے ہمراہ استقبال کیا، ڈھول کی تھاپ پر نوجوانوں کے بھنگڑے، نعرے بازی، منوں پھولوں کی پتیاں نچھاور، طلائی اور پھولوں کے ہار پہنائے گئے اس موقع پر انکے ہمراہ چوہدری تنویر اصغر بھنگر انوالہ، چوہدری شہباز رشید ریحانیہ، چوہدری افضل چیمہ، چوہدری طاہر وقار مرزا، ملک امجد صراف ناٹھ، چوہدری محمود احمد شاہین بھی موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 24

مشیر وزیراعلیٰ پنجاب بننے پر مبارکباد پیش کی انہوں نے کہا کہ محمد عالمگیر بوبی تحرک مسلم لیگی اور تاجر راہنما ہیں ناصرف بطور چیئرمین مرکزی انجمن تاجران ان کی خدمات ہیں بلکہ مسلم لیگ کی مضبوطی اور ترویج کے لیے وہ ہمیشہ سرگرم رہے ہیں انہوں نے کہا کہ چوہدری پرویز الٰہی وزیراعلیٰ پنجاب وسابق وفاقی وزیر چوہدری مونس الٰہی سابق وفاقی وزیر چوہدری وجاہت حسین، ایم این اے چوہدری حسین الٰہی اور محترمہ بی بی قمیرہ الٰہی کی ورکر نوازی ہے کہ انہوں نے تاجر راہنما محمد عالمگیر بوبی کو مشیر وزیراعلیٰ پنجاب بنایا ہے چوہدری سجاد ریحانیہ نے کہا کہ چوہدری برادران گجرات کا فخر ہیں ہم تاجر برادری کے مسائل حل کروانے کے لیے محمد عالمگیر بوبی کے شانہ بشانہ ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 25

متعدد مقامات پر صدر گجرات پریس کلب ملک شفقت اعوان، جنرل سیکرٹری سید نوید شاہ کی زیر قیادت قمبر اعجاز شاہ، نائب صدر رانا شہزاد، ارشد علی، سیکرٹری اطلاعات قیصر اعجاز ملہی، شاہد رسول، شامی کھٹانہ، عمران بھٹی، ڈاکٹر مظہر چوہان، ڈاکٹر امجد مرزا، عبدالسلام مرزا نے تفریحی دورہ کیا دوران تفریح دورہ تیر کمان کی نشانہ بازی، زیپ لائن، گھوڑ سواری سمیت تاریخی سیاحتی مقامات پر تاریخ کو پڑھنے کیساتھ ساتھ تصاویر بنائیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 26

چوہدری شہباز رشید ریحانیہ، چوہدری افضل چیمہ، چوہدری طاہر وقار مرزا، ملک امجد صراف ناٹھ، چوہدری محمود احمد شاہین، چوہدری علی وڑائچ نے خطاب کیا اور کمانڈر چوہدری وجاہت حسین، ممبر قومی اسمبلی چوہدری حسین الٰہی اور اجنالہ برادران کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے آئندہ الیکشن میں چوہدری حسین الٰہی اور ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ کی تاریخ ساز فتح کے لیے باہمی اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے مثالی نتائج دینے کے عزم کا اظہار کیا اور علاقائی ترقی وخوشحالی کے لیے رکن قومی اسمبلی چوہدری حسین الٰہی، چوہدری سعادت نوازاجنالہ کے اٹھائے جانے والے اقدامات پر خراج تحسین پیش کیا گیا انہوں نے کہا کہ چوہدری حسین الٰہی کے شانہ بشانہ حلقہ میں مسلم لیگ کو مضبوط بنانے کیلئے کام کر رہے ہیں آئندہ الیکشن میں چوہدری حسین الٰہی کی کامیابی سو فیصد یقینی ہے عوام ان سے محبت کرتی ہے انشاء اللہ بھاری لیڈ سے کامیاب ہونگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 27

حل۔ چھراں بھاٹک سے لے کر تھے قریشیاں پل تک چوہدری پرویز الٰہی کی خصوصی گرانٹ سے روڈ کی تعمیر کا ک

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ گاؤں مرزا میں محمد اصغر جاڑ کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سید تصور شاہ، چوہدری الیاس وورکر پی ٹی آئی راولپنڈی جلسہ میں

عمران اشرف پسوال، شیخ خالد محمود کو ناروے کے کامیاب دورہ کی مبارکباد دے رہے ہیں

چوہدری عبدالستار ڈھینڈہ، زین ستار اور ہارون ستار کے ساتھ قطر دورہ کے موقع پر

گجرات سمیت سرائے عالمگیر کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کر رہے ہیں: چوہدری مونس الٰہی

اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، پنجاب حکومت اوورسیز کمیونٹی کی فلاح و بہبود کیلئے جامع پالیسیاں مرتب کر رہی ہے

زندی دارہ روڈ کا مسئلہ ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، چوہدری ظہور الٰہی شہید خاندان کا مشن عوام کی فلاح و بہبود ہے، سرائے عالمگیر ہمارا دوسرا گھر ہے: سپین میں اوورسیز کمیونٹی سے خطاب

سرائے عالمگیر (اویس مدنی) زندی دارہ روڈ کا مسئلہ ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے اپنے عوام کی فلاح و بہبود رہا ہے، تحصیل، چوہدری ظہور الٰہی شہید خاندان کا مشن ہمیشہ درپیش مسائل کے فوری ازالہ کیلئے اقدامات سرائے عالمگیر سمیت ضلع گجرات میں عوام کو عالمگیر بزرگوں، (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر35) اٹھائے جا رہے ہیں تحصیل سرائے

چوہدری حسین الٰہی کے خصوصی فنڈز: میانہ چک تا کوٹلہ ڈھینڈہ کارپٹ روڈ کی تعمیر شروع

ڈاکٹر سید علی اکبر شاہ نے ساتھیوں کے ہمراہ روڈ کا وزٹ کیا اور تعمیراتی فرم کے انجینئر اور لیبر سے ملاقاتیں کیں اور اپنی طرف سے تعاون کا یقین دلایا

چوہدری حسین الٰہی، چوہدری سعادت نواز اجنالہ کے مشکور ہیں جنہوں نے میانہ چک تا کوٹلہ ڈھینڈہ روڈ کیلئے فنڈز دیئے، ڈاکٹر سید علی اکبر شاہ

گجرات (آصف علی بھٹی سے) ایم این اے چوہدری حسین الٰہی کے خصوصی فنڈز، میانہ چک تا کوٹلہ ڈھینڈہ کارپٹ روڈ کی تعمیر شروع کر دی گئی، تعمیراتی فرم نے ہیوی مشینری اور لیبر کیساتھ کام شروع کر دیا، گزشتہ روز مسلم لیگی راہنما ڈاکٹر سید علی اکبر شاہ نے ساتھیوں کے ہمراہ روڈ کا وزٹ کیا اور تعمیراتی فرم کے انجینئر اور لیبر سے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر36)

راولپنڈی لانگ مارچ میں روانگی کے موقع پر مرزا تصدق، ندیم عباس ملہی، چوہدری عباس، حاجی ناصر کھوکھر و دیگر شریک ہیں

مسلم لیگ ن سیاست میں تشدد کی قائل نہیں، اکرام کسانہ

ملک و قوم کی خوشحالی و تعمیر و ترقی کے لئے ن لیگ ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

میاں نواز شریف جلد واپس آ کر عدالتوں سے سرخرو ہوں گے

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) دھگڑانوالی کے ممتاز زمیندار چوہدری اکرام کسانہ آف امریکہ نے کہا کہ مسلم لیگ ن سیاست میں تشدد کی قائل نہیں۔ ملک سیاسی اقدار اور جمہوریت کی مضبوطی کے لئے ہمیشہ عملی جدوجہد کرنے والی سیاسی جماعت ہے۔ غریب عوام پر جو مہنگائی کا پہاڑ گرایا گیا تھا اب اس سے جلد قوم کو (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر37)

چوہدری حسین الٰہی کے خصوصی فنڈز، ڈاکٹر سید علی اکبر شاہ میانہ چک تا کوٹلہ ڈھینڈہ کارپٹ روڈ کی تعمیر کا کام چیک کر رہے ہیں عمائدین موجود ہیں

راولپنڈی جلسہ: عوام کے سمندر نے عمران خان پر اظہار اعتماد کر دیا: سید تصور شاہ

سید تصور شاہ کی زیر قیادت حلقہ این اے 63 سے ایک بہت بڑا قافلہ راولپنڈی پہنچا مرکزی قائدین سے ملاقاتیں

تمام یونین کونسلز سے قافلے جلالپور جٹاں پہنچے جہاں سے ایک مرکزی قافلے کی صورت میں راولپنڈی روانہ ہوئے

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) پاکستان تحریک انصاف حلقہ این اے 63 کے راہنما و امیدوار برائے ایم این اے سید تصور شاہ جلالپور جٹاں نے کہا ہے کہ راولپنڈی جلسہ کی کامیابی حکمرانوں سے اظہار بیزاری ہے عوام نااہل حکمرانوں سے اکتا چکے ہیں اور ان سے نجات چاہتے ہیں راولپنڈی جلسہ، عوام کے سمندر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر38)

چوہدری مونس الٰہی سے راجہ رضا نصیر کی خصوصی ملاقات، زندی دارہ روڈ کی خستہ حالی پر آگاہ کیا

40 کلومیٹر طویل روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، آئے روز حادثات کے باعث متعدد انسانی جانیں ضائع اور متعدد زخمی ہو چکے ہیں: راجہ رضا نصیر

اس روڈ پر سفر کرنا دشوار ہے، روڈ کی از سر نو تعمیر کی جائے، چوہدری مونس الٰہی نے روڈ کا مسئلہ حل کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے

سرائے عالمگیر (اویس مدنی) چوہدری مونس الٰہی سے راجہ رضا نصیر کی ملاقات، زندی دارہ روڈ کے دیرینہ مسئلہ سے آگاہ کیا، تفصیل کے مطابق اپنین میں سابق وفاقی وزیر و مرکزی رہنماء پاکستان مسلم لیگ چوہدری مونس الٰہی سے ممتاز سماجی و سیاسی شخصیت اوورسیز پاکستانی راجہ رضا نصیر آف بلانی نے ملاقات کی، دوران (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر39)

چوہدری مونس الٰہی سے چوہدری فیصل مجید خوشکار موڑ میں ملاقات کرتے ہوئے

کرکٹ ٹورنامنٹ کی تقریب میں شفیق مغل مہمان گرامی کو شیلڈ دے رہے ہیں امجد اقبال انصاری ہمراہ ہیں

عمران طفیل علی ریاض، طاہر مسعود، ملک مقبول، ملک عامر رضوان دلدار چوہدری کو عمرہ کی مبارکباد دے رہے ہیں

چوہدری سلیم سرور جوڑا کے ہمراہ نور الامین بٹ راولپنڈی لانگ مارچ میں شرکت کے موقع پر

شفیق مغل میر ظہیر کی دبئی ہارڈ ویئر کرکٹ ٹورنامنٹ میں مہمان خصوصی شرکت

گراؤنڈ میں آمد پر امجد اقبال انصاری نے شفیق مغل، میر ظہیر کا پھولوں کے ہار پہنا کر استقبال کیا

کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد خوش آئند ہے، امجد اقبال انصاری اور انتظامیہ مبارکباد کی مستحق ہے، شفیق مغل

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) صدر مرکزی انجمن تاجران شفیق مغل، جنرل سیکرٹری میر ظہیر، سینئر نائب صدر مولوی منیر نے ساتھیوں کے ہمراہ جلالپور جٹاں میں ہونے والے دبئی ہارڈ ویئر کرکٹ ٹورنامنٹ میں بطور مہمان خصوصی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر41)

صاف شفاف انتخابات تمام مسائل کا حل ہے، صدف خاں

13 جماعتیں مل کر بھی عمران خان کا مقابلہ نہیں کر سکتیں

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) پاکستان تحریک انصاف کے راہنما "ممتاز زمیندار" سابق امیدوار برائے چیئرمین چوہدری صدف خاں آف چیلیانوالہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر40)

ملک شکور کی وفات پر انٹرنیشنل ویب چینل یونین کی تعزیت

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) انٹرنیشنل ویب چینل ایسوسی ایشن کے وفد کی ملک محمد شکور کی وفات سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت اور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر42)

ڈاکٹر چوہدری شاہ نواز اجنالہ کی حمایت میں ڈیرہ افضل چیمہ پر اکٹھ

اکٹھ میں آمد پر ڈاکٹر شاہ نواز اجنالہ کا افضل چیمہ، چوہدری نصر اللہ، سید فریاد حسین، چوہدری عنایت و دیگر نے استقبال کیا

اس موقع پر چوہدری شہباز رشید ریحانیہ، محمود شاہین، ملک امجد صراف، تنویر اصغر بھنگر انوالہ سمیت دیگر کی شرکت

ٹانڈہ (منظور اے ملک) سابق ناظم چوہدری سعادت نواز اجنالہ کے صاحبزادے امیدوار صوبائی اسمبلی ڈاکٹر چوہدری شاہ نواز اجنالہ کے اعزاز میں ڈیرہ چوہدری افضل چیمہ پر عظیم الشان جلسہ کا انعقاد ہوا گاؤں وزید (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر43)

چوہدری طفیل پرویز شاہ پوری کی سالگرہ کے موقع پر ڈاکٹر عظمت اللہ چوہدری، چوہدری کاشف محمود فتح پور چوہدری عاصم محمود دیگر کیک کاٹ رہے ہیں چوہدری طفیل پرویز کی طرف سے عشائیہ کا اہتمام

چوہدری حسین الٰہی گاؤں بیچ میں چوہدری محمود شاہین کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں، سعادت نواز اجنالہ، ڈاکٹر شاہنواز اجنالہ، چوہدری تنویر اشرف، چوہدری احسان صادق، میاں شاہ زیب موجود ہیں

چوہدری بھاگووال کلاں کیلئے ترقیاتی فنڈز حسین الٰہی کی عوام دوستی: چوہدری اختر عباس

چوہدری حسین الٰہی یوسی بھاگووال کلاں کیلئے کروڑوں کے فنڈز جاری کر کے خدمت مشن کی تکمیل کر رہے ہیں

جنازہ گاہ اور محلہ شہانی کوٹلی روڈ کی تعمیر کرانے پر چوہدری حسین الٰہی کے شکر گزار ہیں

گجرات (امجد نواز وڑائچ سے) پاکستان مسلم لیگ ق کے سینئر رہنما چوہدری اختر عباس آف بھاگووال کلاں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ چوہدری حسین الٰہی اس وقت عوامی مقبولیت کی بلندیوں پر ہیں۔ حلقہ این اے 68 میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا کر اپنے سیاسی مخالفین سے سبقت لے گئے ہیں۔ انہوں نے بھاگووال کلاں کے لئے ترقیاتی فنڈز کا اجراء ممکن بنا کر عظیم کام کیا ہے۔ جنازہ گاہ اور محلہ شہانی کوٹلی روڈ کی تعمیر کے لئے خطیر رقم (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر44)

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ اعوان شریف میں ملک اسد اعوان کی پھوپھی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چوہدری نعیم رضا کا عام انتخابات میں بطور امیدوار حصہ لینے کا اعلان

عوام کے حقوق کے تحفظ اور علاقہ کی بہتری کیلئے دوستوں کی مشاورت سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ہے

ہماری کاوشوں سے کوٹلہ ضلع گجرات کی سیاست کا محور و مرکز بنا ہے، چوہدری نعیم رضا کوٹلہ

کوٹلہ ارب علی خاں (غفور احمد گل + عابد مرزا) سیاسی شخصیت چوہدری نعیم رضا کوٹلہ آئندہ جنرل الیکشن میں بطور امیدوار حصہ لیں گے۔ میڈیا کو جاری اپنے خصوصی بیان میں ان کا کہنا تھا کہ علاقہ کوٹلہ جہاں اللہ کے فضل سے امن، (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر49)

چوہدری توصیف لیاقت کا مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب بننا خوش آئند ہے: سید فہد شاہ

چوہدری ضرغام تنویر، چوہدری غلمان تنویر کو سید فہد شاہ، حسنین شاہ، نعیم حیدر تعارف شاہ سلمان شاہ کی مبارکباد

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) پنڈی کی ممتاز سیاسی و سماجی شخصیات سید فہد شاہ، سید حسنین شاہ، نعیم حیدر شاہ، سید تعارف شاہ، سید سلمان شاہ نے چوہدری غلمان تنویر چوہدری ضرغام تنویر کے تایا جان سابق چیئرمین یونین (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر47)

حقیقی آزادی مارچ نئی تاریخ رقم کریگا، عظمت بادشاہ

عوام نااہل حکمرانوں کی بھونڈی سازشوں اور بیانیے کو سمجھ چکی ہے

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) پاکستان تحریک انصاف کے راہنما "تریڑ والے" کے ممتاز زمیندار چوہدری عظمت بادشاہ نے کہا کہ عمران خان کی جانب سے 26 نومبر کے اعلان نے حکومت اور اس کے حواریوں کی نیندیں اڑا کر رکھ دیں۔ حقیقی آزادی مارچ جو نئی تاریخ رقم کرتے ہوئے منزل کی جانب رواں دواں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر48)

پی ڈی ایم بیانیہ ختم ہو چکا، چوہدری راشد محمود

امپورٹڈ حکمرانوں کی الزام تراشی پر قوم نے کان نہیں دھرے

توشہ خانہ کیس سے عمران خان کو بلیک میل نہیں کیا جا سکتا

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) پاکستان تحریک انصاف کے راہنما "پی ٹی آئی ساتھ افریقہ کے صدر چوہدری راشد محمود آف ڈنگہ نے کہا کہ پی ڈی ایم کا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر50)

صوبیدار مرزا محمد اشرف عالم گڑھ کی صاحبزادی سلمان اشرف کی ہمشیرہ کی تقریب رخصتی

چوہدری زین المقربین بھونمبردار، ماسٹر قمر رشید، پرنسپل محسن حسین، کلیم اللہ بٹ، شکیل بٹ، سکندر علی بھی شریک

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) صوبیدار مرزا محمد اشرف عالم گڑھ کی صاحبزادی، مرزا راشد اشرف، مرزا فرخان اشرف، انجینئر سلمان اشرف کی ہمشیرہ کی تقریب رخصتی، دوست احباب کی کثیر تعداد شریک ہوئی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر45)

چوہدری نوید اقبال نے چوہدری حسن بلال کی عیادت کی

انہوں نے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور صحت یابی کیلئے دعا کی

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) منچیاں کے ممتاز سماجی شخصیت چوہدری نوید اقبال نے اسلام آباد ہسپتال میں چوہدری اعجاز احمد رنیاں' چوہدری اخلاق (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر51)

لالہ موسیٰ اگر انفروشی عروج پر، من مانے نرخوں کی وصولی

ہوٹل، چائے، شاپس والے گاہکوں سے من مانے دام وصول کرنے لگے

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) شہر سمیت چوک چوراہوں سڑکوں کے دونوں اطراف قائم ہوٹلز مالکان چائے، کھانوں سمیت دیگر اشیاء خورد و نوش (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر52)

موضع موہلہ لنگڑیال میں ناشتہ کے موقع پر چوہدری خالد مظفر، حاجی ریاض ابراہیم، مرزا اشرف بیگ، سروش اقبال، حاجی حبیب اللہ صراف و دیگر شریک ہیں

موہلہ لنگڑیال میں ناشتہ تقریب، سیاسی شخصیات کی شرکت

تقریب میں چوہدری خالد مظفر، حاجی ریاض ابراہیم، سی او مرزا اشرف بیگ، سید او سید سروش اقبال

حاجی حبیب اللہ صراف، راجہ ساجد ایڈووکیٹ، میر ضیغم رشید، امان اللہ بٹ، کالے خان سمیت دیگر کی شرکت

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) نواحی گاؤں موہلہ لنگڑیال میں منعقدہ ناشتہ تقریب میں سیاسی، سماجی راہنماؤں اور بلدیاتی آفیسران کی شرکت۔ سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تقریب میں سٹی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر46)

APFUTU کے تیس سال مکمل: مزدوروں کی اظہار تشکر ریلی: پیرزادہ امتیاز سید کو خراج عقیدت

پیرزادہ امتیاز سید کی تیس سالہ محنت اور مزدور طبقہ کی نمائندگی کا مشن جاری رکھیں گے، ضیاء سید

قوانین ہونے کے باوجود مزدوروں کو انکے حقوق میسر نہیں ہیں، نوید شیخ، صوفی اسحاق، محمد ایوب

گجرات (نجل منیر سے) مزدوروں کی ریلی، پیرزادہ امتیاز سید کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا تفصیلات کے مطابق آل پاکستان فیڈریشن آف یونائیٹڈ ٹریڈ یونینز کے APFUTU کے 30 سال مکمل ہونے پر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر53)

مزدور راہنما پیرزادہ امتیاز سید کو خراج عقیدت پیش کرنے پر APFUTU کے تیس سال مکمل ہونے پر مزدور ریلی امتیاز لیبر ہال سے نکالی جا رہی ہے

نوابزادہ خاندان نے ہمیشہ عوامی مفاد کی سیاست کی ہے: چوہدری ضیر الزمان

نوابزادہ مظفر علی، نوابزادہ مظہر علی، نوابزادہ غضنفر علی گل اور نوابزادہ طاہر الملک کی خدمات مثالی ہیں

ن لیگ کے دور میں نوابزادگان نے حلقہ میں اربوں روپے کے میگا منصوبے مکمل کروائے ہیں

دولت نگر (امجد چوہدری) مسلم لیگ ن یوسی فتح پور کے ممتاز راہنماء چوہدری ضمیر الزمان فتح پور نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ نوابزادہ برادران نے ہمیشہ ذاتی کی بجائے عوامی مفادات کی سیاست کی ہے اور حلقہ کے عوام (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر54)

چوہدری شاہنواز اجنالہ گاؤں وزید پہنچنے پر چوہدری فضل چیمہ، چوہدری علی مدثر کے ساتھیوں کے ہمراہ استقبال کر رہے ہیں

ABC Certified
مظلوم کی آواز ——— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک
DAILY "DAK" GUJRAT
www.dailydak.pk
روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر یونس ساقی
اتوار 2 جمادی الاول 1444ھ 27 نومبر 2022ء 13 مگھر 2079 ب (SR-53)
جلد نمبر 27 شمارہ نمبر 93 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

باہمی تعلقات کے لیے دونوں ممالک کے عوامی، حکومتی، سرمایہ کاری اور ہر سطح پر روابط اہم ہیں، شہباز شریف

پاکستان میں سرمایہ کاروں کیلئے سازگار ماحول بنائیں گے، وزیراعظم

پاکستان امریکہ، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات سمیت تمام ممالک کے ساتھ کام کرنے کا خواہاں ہے، ترکیہ میں بزنس کونسل سے خطاب

استنبول (نمائندہ ڈاک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول بنائیں گے۔ دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے ترکیہ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ باہمی تعلقات کے لیے دونوں ممالک کے عوامی، حکومتی، سرمایہ کاری اور ہر سطح پر روابط اہم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے استنبول میں پاک ترکیہ بزنس کونسل کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ترکیہ صدر طیب اردوان سے خوشگوار ملاقات ہوئی اور استنبول میں گزشتہ روز کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

جنرل ندیم رضا سبکدوش، جنرل ساحر شمشاد آج ذمہ داریاں سنبھالیں گے

جنرل ندیم رضا تین سال چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کے عہدے پر فائز رہے، جنرل ندیم رضا نے 41 سال کی شاندار کیریئر میں کئی عہدوں پر خدمات انجام دیں

جنرل ندیم رضا کے اعزاز میں گزشتہ روز جوائنٹ اٹاف ہیڈکوارٹرز میں خصوصی تقریب بھی منعقد ہوئی، تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے جنرل ندیم رضا کو گارڈ آف آنر پیش کیا تھا

جنرل ندیم رضا دسمبر 2016ء میں کور کمانڈر راولپنڈی کی اہم پوزیشن پر تعینات ہوئے، جنرل ندیم رضا چیف آف جنرل سٹاف کی اہم ترین ذمہ داری پر فائز رہے

اسلام آباد (آن لائن) جنرل ندیم رضا مدت مدت ملازمت مکمل ہونے پر سبکدوش ہوگئے، جنرل ساحر شمشاد مرزا آج اتوار کو چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کی ذمہ داری سنبھالیں گے، اس حوالے سے تبدیلی کمانڈ کی تقریب جوائنٹ سٹاف ہیڈکوارٹرز میں ہوگی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جنرل ندیم رضا تین سال چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کے عہدے پر فائز رہے، جنرل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم میاں شہباز شریف سے ترک کاروباری شخصیات کی ون آن ون ملاقاتیں

توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کریں، حکومت مکمل تعاون کرے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف سے ترکی کی معروف کاروباری شخصیات نے ون آن ون ملاقاتیں کیں۔ وزیراعظم نے پاکستان کی معیشت کی ترقی اور نمو میں پاکستان میں کام کرنے والے ترک کاروباری اداروں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ونارکوٹکس سردار محمد آصف نکئی اور کن قومی اسمبلی طالب نکئی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستانی چاول کی درآمد پر 5 سال کی ٹیکس چھوٹ دینے کا فیصلہ

وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ دو ملاقاتوں کا نتیجہ ہے: صدر آذربائیجان الہام علیوف

جب ہمارے برادر ملک سے ہمیں اعلیٰ معیار کا چاول مل سکتا ہے تو ہم کسی اور جگہ سے کوئی منگوائیں

جنگ کے دوران اور پھر ہمارے خطے کی آزادی کے موقع پر پاکستان نے ہمارا مسلسل ساتھ دیا، عالمی سیمینار سے خطاب

باکو (آن لائن) آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے کہا کہ پاکستانی چاول کی آذربائیجان درآمد پر پانچ سال کی ٹیکس چھوٹ کا فیصلہ وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ ہونے والی دو ملاقاتوں میں بات چیت کا نتیجہ ہے۔ جب ہمارے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

باغوں کا شہر لاہور فضائی آلودگی کی لپیٹ میں

لاہور (آن لائن) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فضائی آلودگی انتہائی خطرناک حد تک پھیل گئی ہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

سکول انفارمیشن سسٹم میں فنی خرابی کے باعث سکول شماریات کا کام روک دیا گیا

لاہور (آن لائن) لاہور سمیت پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں کا "سکول انفارمیشن سسٹم" فنی خرابی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

گوگل پلے اسٹور سروسز یکم دسمبر سے پاکستان میں تمام صارفین کو دستیاب نہیں ہوں گی

پاکستانی صارفین اب صرف کریڈٹ کارڈ یا ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے گوگل اور دیگر بین الاقوامی ایپس ڈاؤن لوڈ کرنے پر مجبور ہوں گے

کراچی (آن لائن) گوگل پلے اسٹور storeplayGoogle سروسز یکم دسمبر 2022 سے پاکستان میں تمام صارفین کو دستیاب نہیں ہوں گی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بین الاقوامی سروس فراہم کرنے والوں کو 34 ملین (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

پاکستان میں فری گوگل ایپلی کیشنز کی سروسز برقرار رہیں گی، امین الحق

پیڈ ایپلی کیشنز استعمال کرنے والے افراد کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی امین الحق نے کہا ہے کہ پاکستان میں فری گوگل ایپلی کیشنز کی سروسز برقرار رہیں گی۔ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

گجرات پریس کلب کے وفد کا دورہ مری، صدر ملک شفقت اعوان، جنرل سیکرٹری نوید شاہ، رانا شہزاد، شاہد رسول، قیصر ملہی، ارشد علی، قمبر اعجاز شاہ، ڈاکٹر مظہر چوہان، ڈاکٹر ایمد مرزا، شامی کشمانہ، عبدالسلام مرزا کا گروپ فوٹو

گجرات: ڈپٹی کمشنر عامر شہزاد کنگ ڈینگی آگاہی واک کی قیادت کر رہے ہیں

پولیس مراعات کے سلسلے میں وزیراعلیٰ پنجاب کے دعوے سیاسی نعرے ثابت

پولیس پنجاب کی جانب سے بھیجی گئی تین سمریاں ایوان وزیراعلیٰ کی الماریوں کی زینت بن کر رہ گئی ہیں

لاہور (آن لائن) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی جانب سے پنجاب پولیس کے لئے مراعات کا اعلان سیاسی نعرے ثابت ہوا۔ اس سلسلے میں آئی جی پولیس پنجاب کی جانب سے بھیجی گئی تین سمریاں ایوان وزیراعلیٰ کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

ملک میں ڈیزل کی کوئی قلت نہیں، ذرائع پیٹرولیم ڈویژن

ملک میں اس وقت ڈیزل کا 15 دن کا اسٹاک موجود ہے

اسلام آباد (آن لائن) پیٹرولیم ڈویژن نے ملک میں ڈیزل کی قلت کی خبروں کی تردید کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)

مقبوضہ کشمیر، وزیراعظم اور نئے آرمی چیف کے پوسٹرز چسپاں، مبارکباد کے پیغام

پوسٹرز پر کشمیر بنے گا پاکستان، کشمیر کی آزادی کی ضمانت، مضبوط پاکستان کی ضرورت کے نعرے درج

سری نگر (آن لائن) مقبوضہ کشمیر کے عوام اور حریت قیادت نے وزیراعظم شہباز شریف اور پاکستان کی نئی فوجی قیادت کو مبارک باد پیش کردی۔ مقبوضہ کشمیر میں وزیراعظم شہباز شریف، آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

سرائے عالمگیر: مرکزی جوائنٹ سیکرٹری پی ٹی آئی محمد الیاس چوہدری کی قیادت میں حلقہ این اے 62 سے سینکڑوں گاڑیوں پر مشتمل قافلہ راولپنڈی میں پاکستان تحریک انصاف کے جلسہ میں شرکت کیلئے روانہ ہو رہا ہے

ریٹائرمنٹ لینے والے سرکاری ملازمین کیلئے 55 سال کی عمر کی حد ختم

لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ راولپنڈی نے رٹ پٹیشن پر 55 سال کی عمر کی حد ختم کرنے کا فیصلہ سنا دیا

فیصل آباد (آن لائن) ہائیکورٹ نے 25 سال کی سروس کر کے ریٹائرمنٹ لینے والے سرکاری ملازمین کیلئے 55 سال کی عمر کی حد ختم کر دی۔ ذرائع کے مطابق سرکاری ملازمین راشدہ پروین اور ظفر اقبال نے عدالت میں رٹ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

عمران خان پاکستان مخالف قوتوں کے آلہ کار ہیں، جاوید لطیف

تمام اداروں کو مل کر عمران خان کو بے نقاب کرنا چاہیے، راہنما مسلم لیگ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما جاوید لطیف نے کہا ہے کہ وقت آ گیا ہے کہ عمران خان کا زخمی ہونے کا ڈرامہ بے نقاب کیا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 11)

کیمبرج امتحانات میں پاکستانی طلبا نے پوری دنیا کو حیران کر دیا

277 پاکستانی طلبا نے کیمبرج امتحانات میں غیر معمولی کارکردگی پر 304 ایوارڈز حاصل کیے، ترجمان کیمبرج

لندن (آن لائن) کیمبرج امتحانات میں پاکستانی طلبا نے حیران کن نتائج حاصل کر کے کئی ایوارڈز اپنے نام کر لیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان کیمبرج نے بتایا امتحانات میں 40 پاکستانی طلبا نے پوری دنیا میں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 10)

(گجرات، عالم گڑھ) صوبیدار مرزا محمد اشرف مرحوم عالم گڑھ کی صاحبزادی مرزا راشد اشرف، مرزا فرخان اشرف، مرزا سلمان اشرف کی ہمشیرہ کی تقریب رخصتی میں ممتاز سیاسی و سماجی شخصیات کی کثیر تعداد شریک ڈاکٹر عباس کلیال سیداں، ڈاکٹر ساجد محمود ضیاء، مرزا محمد خالد محمود مہمانوں کا استقبال کر رہے ہیں کلیم اللہ بٹ، شکیل احمد بٹ، چوہدری زین المقربین المعروف ببو نمبردار، ماسٹر قمر رشید، پرنسپل محسن حسین، نعمان اللہ رکھا، چوہدری پرویز مہدی، حافظ اسد اقبال، عثمان تنویر ماما، سمیت دیگر معززین علاقہ کثیر تعداد میں شریک ہیں

عمران خان پاکستان کے لیے ناسور بن چکا ہے: رانا تنویر حسین

یہ پاکستان کا ایسا منفرد سیاستدان ہے جس نے کرپشن کے لیے خواتین کا سہارا لیا: وفاقی وزیر تعلیم

مریدکے (آن لائن) وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ عمران خان پاکستان کے لیے ناسور بن چکا ہے اور یہ بڑے دجال سے کم نہیں چھوٹے دجال کے روپ میں پاکستانی عوام پر مسلط ہے۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

دوست نے دوست اور شوہر نے بیوی کو قتل کر دیا

پولیس نے مرکزی ملزم گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

فیصل آباد (آن لائن) دوست نے دوست اور شوہر نے بیوی کو قتل کر دیا، مقدمات درج، آن لائن کے مطابق پہلا واقعہ تھانہ ڈجکوٹ کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 13)

دو مسافر بسوں کے درمیان تصادم، ایک مسافر جاں بحق، 25 سے زائد زخمی

ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر 16 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد قریبی ہسپتال منتقل کر دیا

مریدکے (آن لائن) ناروال مریدکے روڈ پر دو مسافر بسوں کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں ایک مسافر جاں بحق جبکہ 25 سے زائد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر 16 زخمیوں کو (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 12)

لالہ موسیٰ: چوہدری عدیل پرویز، چوہدری وقاص پرویز کے والد محترم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے سالانہ محفل نعت و ختم گیارہویں شریف سے علامہ عثمان بشیر نقشبندی، حافظ علی اکبر، ڈاکٹر ظفر سیالوی، محمد ابرار نوری و دیگر خطاب کر رہے ہیں، معززین علاقہ کی کثیر تعداد شریک ہے

چوہدری حسین الٰہی، چوہدری سعادت نواز اجنالہ، چوہدری شان ظفر باہم گپ شپ کر رہے ہیں

چوہدری حسین الٰہی سے چوہدری شان ظفر ملاقات کر رہے ہیں

میاں ہارون مسعود، عمران خان کے مارچ میں شرکت کیلئے روانگی کے موقع پر کونگری نشان بنائے ہوئے

چیئرمین جوائنٹ چیف آف سٹاف کمیٹی لیفٹیننٹ جنرل ساحر شمشاد مرزا سے سید ضیاء اللہ شاہ ملاقات کر رہے ہیں

میاں فخر مشتاق پکانوالہ، بشارت محمود کو بیٹے کی شادی کی مبارک باد دے رہے ہیں

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ گاؤں وزید اکٹھ میں ہاتھ ہلا کر نعروں کا جواب دے رہے ہیں


پیر سید انصار الحسن شاہ سے مفتی پیر عثمان افضل قادری ملاقات کر رہے ہیں

ڈاکٹر زاہد ظہیر کا دعوت ولیمہ میں آمد پر بشارت مغل استقبال کر رہے ہیں

پیر سید انصار الحسن شاہ جامعہ جلالیہ نور پور پڈھے جلسہ دستار فضیلت کے مہمان خصوصی

مفتی عثمان افضل قادری، پیر زاہد حسین شاہ، علماء کرام کی بڑی تعداد شریک ہوئی

گجرات (مدثر اقبال سے) گزشتہ روز جامعہ جلالیہ حضرت میراں صاحب محلہ نور پور پڈھے گجرات میں سالانہ عظیم الشان جلسہ دستار فضیلت (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 9)

لیفٹیننٹ جنرل ساحر شمشاد مرزا سے ضیاء اللہ شاہ ایڈووکیٹ کی ملاقات

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر نیک خواہشات کا اظہار

گجرات (مدثر اقبال سے) ممتاز ماہر قانون، صدر بار ایسوسی ایشن کھاریاں سید ضیاء اللہ شاہ ایڈووکیٹ نے گزشتہ روز چکلالہ راولپنڈی میں (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 15)

چوہدری موسیٰ الٰہی ہمد چک میں شاہد اقبال کی شمولیت کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چوہدری موسیٰ الٰہی کا سرائے عالمگیر کو بڑا تحفہ، چھیرا پھاٹک تا نتھ قریشاں پل اسٹرک تعمیر شروع

اقتدار اللہ تعالیٰ کی امانت، پوری کوشش ہے کہ عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں، چوہدری موسیٰ الٰہی

چوہدری موسیٰ الٰہی کے اعزاز میں ہمد چک شمولیت اکٹھ، ن لیگی کونسلر شاہد اقبال ساتھیوں سمیت شامل

گجرات (نمائندہ ڈاک) چوہدری موسیٰ الٰہی کا سرائے عالمگیر شہر کے عوام کے لیے بڑا تحفہ۔ عوام کا دیرینہ مطالبہ اجنالی کم وقت میں (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 12)

گجرات (نمائندہ ڈاک) چوہدری ظہور الٰہی شہید کے آنگن کے چمکتے ستارے چوہدری موسیٰ الٰہی کے اعزاز میں سابق امیدوار برائے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 13)

تاجر راہنما جاوید بٹ صدر ویلفیئر فورم عہدہ سے مستعفی ہو گئے

والدہ کی بیماری کے سبب عہدہ سے انصاف نہیں کر سکتا، جاوید بٹ

گجرات (صہیب سرور سے) صدر گجرات ویلفیئر (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 10)

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ میں چوہدری فضل چیمہ بڑا اکٹھ جلسہ کا روپ

گاؤں وزید آمد پر پُرتپاک استقبال، ریکارڈ گل پاشی، کرنسی نوٹ نچھاور، عمائدین علاقہ کثیر تعداد میں موجود

چوہدری صاحبان گجرات کو ماڈل ضلع بنا رہے ہیں، ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے نقشہ بدل جائے گا، ڈاکٹر شاہد نواز اجنالہ

گجرات (آصف علی بھٹی سے) آسمبلی حلقہ پی پی 31 ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ کے اعزاز میں ڈیرہ چوہدری افضل چیمہ پر عظیم الشان جلسہ کا انعقاد ہوا گاؤں وزید پہنچنے پر چوہدری افضل چیمہ، چوہدری نصر اللہ، سید فریاد حسین شاہ، چوہدری عنایت افضل ملہی، ماسٹر اسجد (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 14)

چوہدری حسین الٰہی نے محمود شاہین چوہدری کے گھر جا کر فاتحہ خوانی کی

گجرات (نمائندہ ڈاک) ایم این اے چوہدری حسین الٰہی نے گاؤں بنج دورہ کے موقع پر مسلم لیگی راہنما چوہدری محمود احمد شاہین کی تیجی کی وفات (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 11)

گجرات میں نئی جیل بنانے کیلئے اراضی کا انتخاب

این اے 68 کے علاقہ میں 100 ایکڑ اراضی تلاش کی گئی ہے

گجرات (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گجرات میں نئی جیل بنانے کیلئے زمین کا انتخاب کیا جا رہا ہے محکمہ ریونیو کے مطابق ایک سو ایکڑ اراضی کی تلاش (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی جلسہ چوہدری رضا مچھیانہ کی زیر قیادت ڈیرہ مچھیانہ سے بڑا قافلہ شریک

کارکنوں کیلئے ٹرانسپورٹ، ناشتہ کا اہتمام، انشاء اللہ عمران خان نااہل حکمرانوں کو بھگا دینگے

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) پاکستان تحریک انصاف چوہدری مدثر رضا مچھیانہ ایک بہت بڑے قافلے کے ہمراہ راولپنڈی جلسہ میں شریک ہوئے این اے 69 کی مختلف یونین کونسلوں سے قافلے سٹیک ہولڈرز اور پارٹی قائدین کی قیادت میں یہاں مچھیانہ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 17)

امپورٹڈ حکمرانوں کی رخصتی کیلئے میاں ہارون مسعود قافلہ راولپنڈی لانگ مارچ میں شریک

عمران خان عہد ساز شخصیت مسلم لیگ کے ساتھ ذاتی حیثیت سے بھی عمران خان کی حمایت کرتے ہیں

گجرات (مدثر اقبال سے) ممتاز مسلم لیگی رہنما، سابق تحصیل ناظم میاں ہارون مسعود نے گزشتہ روز راولپنڈی میں عمران خان کے حقیقی آزادی لانگ مارچ میں ساتھیوں کے ہمراہ شرکت کی اور اپنے حق میں زبردست نعرے بازی کی قافلے میں ڈاکٹر شاہد رشید، ڈاکٹر انعام الحق، کرنل مقبول، میاں زورین (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 18)

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ گاؤں وزید میں افضل چیمہ کے ڈیرہ پر اکٹھ سے خطاب کر رہے ہیں

چوہدری علی ابرار جوڑا، احمد حسن مغل، ساجد شاہ، شعیب طارق بٹ، رضوان دلدار چوہدری کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

چوہدری سعادت نواز اجنالہ سے چوہدری حبیب اللہ چھالے، ذوالفقار شاہ، احسان نمبردار، مرزا نمس بیگ ملاقات کر رہے ہیں

رحمان شہید روڈ پر سیوریج پائپ لائن بچھائی کا عمل سست روی کا شکار

رحمان شہید روڈ سیوریج منصوبہ کھٹائی کا شکار چوہدری مونس الٰہی کا نوٹس لیں

دو ماہ سے کھودی گئی سڑک میں پائپ بچھائی شروع نہیں ہو سکی، ٹھیکیدار مختلف تجربات میں مصروف ہیں

سیوریج نالوں کی بندش کے باعث گندا پانی سڑک پر جمع، میگا پراجیکٹ بدانتظامی کی نذر ہو رہا ہے

گجرات (مدثر اقبال سے) وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے کروڑوں روپے کے فنڈز اور سابق وفاقی وزیر چوہدری مونس الٰہی کی خصوصی دلچسپی سے پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ گجرات کے زیر اہتمام رحمان شہید روڈ پر جاری (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 22)

اسسٹنٹ ڈائریکٹر عباس سعید سمیت پاسپورٹ دفتر گجرات کا سارا عملہ کرپشن الزامات میں معطل

دو سال سے تعینات سعید عباس نے بدعنوان اہلکاروں طارق، جمشید کے ساتھ مل کر رشوت کا بازار گرم کر رکھا تھا

حاجی عمران ظفر کی نشاندہی پر زیر داخلہ رانا ثناء اللہ کا ایکشن، DPO نے تین 5 پولیس اہلکار بھی ہٹا دیئے

گجرات (رپورٹ ارشد علی) اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ گجرات سعید عباس سمیت تمام عملہ بدعنوانی شہریوں کو تنگ کر کے پیسے بٹورنے کا الزامات پر معطل کر کے گجرات بدر کر دیا گیا پاسپورٹ دفتر گجرات کو کرپشن (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 19)

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ کے ساتھ چوہدری شہباز رشید ریحانیہ ایک تقریب میں شریک ہیں


چوہدری سلیم سرور جوڑا راولپنڈی مارچ میں روانگی کے موقع پر نشان وکٹری بنائے ہوئے

چوہدری سعادت نواز اجنالہ سے چوہدری حبیب اللہ چھالے ذوالفقار شاہ چک میراں کی ملاقات

چوہدری احسان نمبردار، مرزا نمس بیگ بھی موجود، سیاسی صورتحال، ترقیاتی کاموں بارے مشاورت

چوہدری ندیم اختر ملہی تحصیل آفس میں شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

آصف علی بھٹی بہتر انداز میں اوورسیز کی آواز بلند کریں گے، چوہدری شمشاد بلڑ

چوہدری صاحبان نے ہمیشہ ورکرز نوازی کی، آصف علی بھٹی ذمہ داریوں سے بخوبی عہدہ برآ ہوں گے

گجرات (نمائندہ ڈاک) پاکستان مسلم لیگ کے راہنما (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 21)

برطانوی پارلیمنٹیرین یاسمین قریشی، طارق مانڈا کے صاحبزادے نعمان مانڈا کی بارات میں شریک ہیں

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ کا وزید میں مثالی استقبال

گجرات (نمائندہ ڈاک) پاکستان مسلم لیگ کے راہنما و امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 31 ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ کا گاؤں وزید (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 23)

شاہد نعیم بٹ، دلبر علی اکبر کو مبارک باد دے رہے ہیں، خاور ندیم بٹ، جمشید ارشد بٹ موجود ہیں

عالمگیر بوبی پہلوان کو چوہدری سجاد اکرم ریحانیہ مبارکباد

گجرات (صہیب سرور سے) ممتاز سیاسی و سماجی شخصیت وائس چیئرمین مرکزی انجمن تاجران چوہدری سجاد ریحانیہ نے محمد عالمگیر بوبی کو (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 24)

حاجی نصر اللہ خاں کھوکھر، چوہدری افضل ساہی گلدستہ پیش کر رہے ہیں، احسان نصر اللہ، چوہدری مدثر ڈاج موجود ہیں

چوہدری طارق مانڈہ کے صاحبزادے کی شادی

بارات میں جسٹس شہباز رضوی، یاسمین قریشی، ندیم بٹ بھی شریک

گجرات (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ممتاز سیاسی و کاروباری شخصیت چوہدری محمد طارق مانڈا کے صاحبزادے نعمان طارق مانڈا رشتہ ازدواج میں (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 29)

گجرات پریس کلب وفد نتھیا گلی روانہ

ملک شفقت اعوان کی زیر قیادت وفد گورنر ہاؤس گلیات بھی گیا

گجرات (نمائندہ ڈاک) گجرات پریس کلب کا 12 رکنی وفد تفریحی دورے پر دوسرے روز نتھیا گلی، گورنر ہاؤس گلیات، ڈونگا گلی سمیت (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 25)

چوہدری حسین الٰہی کی دو کنالیڈ 100 فیصد یقینی، ڈاکٹر شاہنواز مثالی خدمت کر رہے ہیں

چوہدری تنویر اصغر بھنگر انوالہ، شہباز رشید ریحانیہ، افضل چیمہ، طاہر وقار مرزا کا وزید میں اکٹھ سے خطاب

گجرات (آصف علی بھٹی سے) آسمبلی حلقہ پی پی 31 ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ کے اعزاز میں ڈیرہ چوہدری افضل چیمہ پر عظیم الشان جلسہ میں عمائدین چوہدری تنویر اصغر بھنگر انوالہ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 26)

شاہد نعیم بٹ

چوہدری علی اکبر کی بارات میں شامل، عمائدین سے ملاقاتیں

گجرات (صہیب سرور سے) صدر پاکستان مسلم لیگ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 27)

رضوان دلدار چوہدری

سے چوہدری عمران طفیل کی ملاقات

عمرہ سعادت پر گلدستہ پیش

گجرات (مدثر اقبال سے) ممتاز کاروباری (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 28)

شیخوپورہ کے رہائشی مسیحی نوجوان کا گجرات میں قتل ملزمان گرفتار کر لیے گئے

مقتول فہیم مسیح کو بہن سے تعلقات کے شبہ میں بے دردی سے قتل کیا گیا، تھانہ صدر پولیس نے ملزمان ٹریس کر لیے

گجرات (ارشد علی) گجرات پولیس نے اندھے قتل کی ایک اور واردات ٹریس کر لی اور 2 ملزمان گرفتار کر لئے بہن سے تعلقات کے شبہ میں فہیم نامی نوجوان کو قتل کیا گیا۔ ملزمان کے ہوشربا انکشافات تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 30)

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ، مرزا کلیم اعوان شریف سے خیریت دریافت کر رہے ہیں

ممتاز مسلم لیگی راہنما ملک اسحٰق اعوان کا دعوت ولیمہ میں آمد پر بشارت مغل استقبال کر رہے ہیں


ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ، چوہدری افضل چیمہ کے ساتھ تبادلہ خیالات کر رہے ہیں

ممتاز صنعتکار میاں محمد اعجاز کا دعوت ولیمہ میں آمد پر بشارت مغل استقبال کر رہے ہیں

رضوان دلدار چوہدری کو چوہدری عمران طفیل گلدستہ پیش کر کے عمرہ سعادت کی مبارکباد دے رہے ہیں

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ کڑیانوالہ میں ضیاء اللہ بٹ کے ساتھ اظہار تعزیت کر رہے ہیں

چوہدری تنویر اصغر بھنگر انوالہ گاؤں وزید میں اکٹھ سے خطاب کر رہے ہیں

چوہدری طاہر وقار آف مرزا گاؤں وزید میں اکٹھ سے خطاب کر رہے ہیں

فوری رجسٹری.....فوری قبضہ
لیکن رقم کی ادائیگی 3 سال کی آسان اقساط میں
Zaib Builders
خوشخبری
زیب لگژری ولاز
4-5-6 مرلہ ڈبل سٹوری
آج ہی اپنے گھر کی بکنگ کروائیں
کچہری چوک سے 4 کلومیٹر کے فاصلہ پر
نمبر 1 کوالٹی ڈویلپمنٹ
زندگی کی تمام سہولیات سے آراستہ
زیب فارم ہاؤس جلالپور جٹاں روڈ گجرات فون 0335-9009001